بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد و علیٰ آلہ واصحابہ اجمعین

اما بعد واضح ہو کہ بہت مدت سے مجھ کو یہ آرزو تھی کہ شاعروں کی
مدد کے واسطے ایک ایسی کتاب لکھی جائے جس میں ایک ردیف اور قافیہ
کے جو جو الفاظ فارسی یا عربی زبان میں ہوں۔ وہ سب یکجا موجود ہو سکیں اور
مختصر معنی اُن لفظوں کے بھی ساتھ ہی مل سکیں۔ اس قسم کی ایک انگریزی لغت
کی کتاب واکر صاحب کی ہی ہوئی نظر آئی جس کا نام رائمک ڈکشنری ہے
اس کے نمونہ پر ایک فارسی اُردو لغت درکار تھی۔ جناب مفتی غلام سرور صاحب
کی کتاب زبدۃ اللغات المعروف بہ لغات سروری موجود ہے جس میں اولین
اور آخرین حرف کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ لیکن شاعروں کو نہ فقط آخرین حرف کی
نظر رہتی ہے۔ بلکہ اُس کے ماقبل کی بھی۔ اور لفظوں کے اولین حرف کی تو
ضرورت ہی نہیں رہتی ہے۔ یعنی کہ شعر بنانے کے وقت انتظار یہ رہتا ہے کہ
ایک ردیف اور قافیہ کے جو جو لفظ ہیں۔ وہ سب سامنے موجود رہیں۔ اور یہ
کام لغات سروری سے نکل نہیں سکتا ہے۔ اس واسطے مجھے لازم ہوا کہ پہلے
نئے سرے سے آخرین حرف کے لحاظ پر سب الفاظ جمع کروں۔ اور پھر اُسکے
ماقبل حرفوں کا لحاظ رکھکر ان کو پس و پیش کروں۔ تاکہ اُلٹے راستے سے
ردیف کے آگے کے حروف بترتیب حروف تہجی ہو جاویں۔ مثلاً لغات سروری
میں ر کے باب میں [illegible] وغیرہ لفظ موجود
ہیں۔ اگرچہ خود ان لفظوں میں لغت کے قاعدہ کے موافق الف سے لے کے

اور اکثر معنی بھی اسی کتاب سے دئے ہیں۔

اس کتاب کا نام مخزن القوافی رکھا گیا ہے۔ امید ہے کہ تحفۃ الشعرا ہوکر مشہور ہو ئیگا۔ اس کتاب میں دس ہزار سے زیادہ الفاظ با معنی دئے گئے ہیں۔

آخر میں درستی سہو وخطا کا التماس کرتا ہوں۔ اور قدردان صاحبوں سے معافی مانگتا ہوں۔ والسلام

منزل حبیب آباد (سندھ)
تاریخ غرہ ماہ اکتوبر ۱۸۹۸ء
مطابق ۱۴ جمادی الاول ۱۳۱۶ھ

قلیچ بیگ
ڈپٹی کلکٹر

با

الف

با۔ ف حرف بے۔ ساتھ
آبا۔ ع آش یا شوربا
اِبا۔ ع انکار کرنا
آبا۔ ع جمع اب، باپیں۔ باپ دادا
بابا۔ ف باپ۔ باپ دادا وغیرہ بزرگ
ریش بابا۔ ف کابل میں ایک قسم کی انگور
محابا۔ ع مروت۔ لحاظ۔ صلح۔ مدد
اجتبا۔ ع اختیار کرنا۔ قبول کرنا اجابت کرنا
مجتبیٰ۔ ع برگزیدہ۔ چنا ہوا بہت خوب یا اچھا
حبا۔ ع اپنا پیالہ دوسرے کی تواضع کرنا۔
وا عجبا۔ ع اے تعجب ہے۔ تعجب کا لفظ
نجبا۔ ع جمع نجیب کی۔ بزرگواران نیک مردان
حبا۔ ع بخشش۔ مہربانی کرنا۔ لطف کرنا
احبا۔ ع جمع حبیب۔ بہت دوست
مرحبا۔ ع خوش آمدی۔ تعظیم کا لفظ
خبا۔ ع پوشیدگی۔ سائبان۔ گیاہ
خبا۔ ع خیمہ۔ سراپردہ۔ پردے والی جگہ
دبا۔ ع کدو۔ مشہور ترکاری کی قسم
ادبا۔ ع جمع ادیب۔ استادان ادب سکھلانیوالے

ـبا

ربا۔ ع زیادہ ہونا یا لینا سود یا بیاج لینا
رُبا۔ ف دور بیودن لیجانا مثلاً دربا
دلربا۔ ف معشوق دل لینے والا جو دل چھین لیوے
آہن ربا۔ ف مقناطیس۔ چمک پتھر
غربا۔ ع جمع غریب۔ بہت سا غریب چیزیں
قربا۔ ع جمع قریب۔ بہت عزیز یا خویش
قربیٰ۔ ع نزدیکی خویشی۔ رشتہ داری
ذوالقربیٰ۔ ع رشتہ دار۔ خویش
اقربا۔ ع عزیز۔ رشتہ دار۔ قرابتی لوگ
کہربا۔ ف کہ جو گھاس اٹھا لیتا ہے۔ گوند کی قسم
مربا۔ مربی۔ ع ترتیب کیا گیا۔ پرورده شده
قند یا شکر میں ملا ہوا میوہ۔
زہربا۔ ف زہر والا طعام
زیربا۔ ف کھٹائی کی قسم آش کا نام
زبا۔ ایک بادشاہزادی کا نام جو نہایت عقل والی تھی
ربا۔ ع بلند زمین جہاں یا پانی نہ پہونچے
سبا۔ ع یمن کا ایک شہر جس میں بلقیس ملکہ حاکم تھی
صبا۔ ع مشرقی ہوا۔ خوش ہوا
صبا۔ ع لڑکی طفلگی لڑکپن کم عمری

صبا

حصبا۔ ع سنگریزہ۔ کنکر

اطبا۔ ع جمع طبیب۔ طبیب لوگ علاج کرنیوالے

خطبا۔ ع جمع خطیب۔ خطبہ پڑھنے والے لوگ

عبا۔ ع گلیم یا گودڑی فقیروں کے پہننے کی

آل عبا۔ ع خطاب آل محمد صلعم

قبا۔ ع مشہور دو ہرا کپڑا گلے میں پہننے کا

رقبا۔ ع جمع رقیب۔ نگہبانان۔ پاسبانان

لبا۔ ع گائے بھینس کے پہلے دن کا دودھ۔ پیوسی

لبیس۔ بھولی۔ غلہ

طلبا۔ ع جمع طالب۔ طلبگاران

غلبا۔ ع وہ جگہ جہاں بہت درخت لگے ہوئے ہوں

نان با۔ ف نان پز۔ باورچی۔ روٹی پکانیوالا

خوبا۔ ف۔ ت تصویر۔ بلی۔ کھم

خوبا۔ ع آدمی کا جسم۔ بدن۔ تن

طوبیٰ۔ ع بہشت میں ایک درخت کا نام۔ خوشبو

بشارت۔ عیش۔ خوشی

قوبا۔ ع بدن کی کھال کی بیماری۔ داد

سنکوبا۔ ع نام ایک مرد ترسا

ہبا۔ ع گرد و غبار۔ اندھیری۔ تاریکی

شہبا۔ ع مونث اشہب۔ سیاہ و سفید گھوڑیاں

صہبا۔ ع مونث اصہب۔ شراب انگوری لال سرخی

گپا

تپا۔ ع دفع کرنا اور انتظار

دیبا۔ ف پتلا ریشمی کپڑا

قیقبا۔ ع تخمیناً قریب

زیبا۔ ف خوبصورت۔ عمدہ۔ لائق۔ آراستہ

شکیبا۔ ف صبر کرنیوالا۔ ٹھہرنے والا

زلیبیا۔ ع جلیبی۔ مٹھائی کی قسم

پا۔ ف پاؤں۔ بیخ۔ بنیاد

آتش پا۔ ف بیقرار۔ مضطرب۔ بے آرام

بادپا۔ ف تیز رفتار۔ اسپ تیز رو

بیدپا۔ ایک فاضل ہندی حکیم کا نام

پرپا۔ ف ایک قسم کا کبوتر۔ موزپر۔ پاموز

پنج پا۔ ف ایک جانور آبی خرچنگ۔ سرطان

پیلپا۔ ف ایک مرض جس میں ایک ٹانگ ہاتھی کے پاؤں جیسا

دیرپا۔ ف دیر تک ٹھہرنے والا۔ قائم۔ مضبوط

رخش پا۔ ف اسپ تیز رفتار۔ بہت چلنے والا

زاغ پا۔ ف ایک جانور کا نام۔ علت۔ سرزنش

زیرپا۔ ف سرفرش۔ پاپوش یا جوتی

سبکپا۔ ف تیز رفتار آدمی یا گھوڑا

سراپا۔ ف خلعت۔ تمام۔ سارا جسم

سرو پا۔ ف سر سے پاؤں تک۔ خلعت

سنگپا۔ ف جھانوا یا جس سے پاؤں صاف کرتے ہیں

حجیٰ

حِجیٰ - ع عقل۔ خرد۔ کنارہ۔ دو کران

دُجیٰ - ع تاریکی۔ رات کا اندھیرا

رَجا - ع امید۔ امیدوار ہونا۔ ڈر۔ کنارہ چاہ

ارجا - ع امیدوار کرنا۔ بھروسا دینا

پابرجا - ف ثابت۔ قایم۔ محکم

سَجیٰ - ع عنوان کتاب۔ خط کا دیباچہ

فُجا - ع فجاءت۔ بیماری یا آفت میں اچانک آ لینا

مُسجّیٰ - بند کردہ

انجا - ع رہائی سے بچانا۔ نجات سے بچانا

ملجا - ع پشت پناہ۔ جائے آرام اور پناہ

استنجا - ع دھونا۔ پاک کرنا۔ ناپاکی دور کرنا

وَجا - ع خصی کرنا۔ پتھر سے مارنا

وِجا - ع ترس۔ شدہ۔ گرانا۔ ضرب لگانا

عوجا - ع کمان۔ ٹیڑھا پن لکڑی کا

ہجی - ع حرف کا ادا کرکے ساتھ پڑھنا جیسا لڑکی پڑھ

ہیجا - ف جنگ۔ کارزار۔ کشت و خون۔ معرکہ

بوالہیجا - ع لقب جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام

قباچا - ف قبای خورد جو لمبی ہو

رَحا - ع آسیا۔ آٹا پیسنے کی چکی

رَحیٰ - ع خاک آسیا۔ غبار

عاقرقرحا - ع ایک مشہور دوا ہے ذائقہ میں تیز

ادا

اصحا - ع جمع صحیح۔ تندرست لوگ

اضحیٰ - ع چاشت کے وقت کام کرنا

لحا - ع جمع لحیہ۔ داڑھیاں۔ ریشہا

الحا - ع نزاع میں ڈالنا۔ دشمنی میں ملا

انحا - ع جمع نحو۔ راستے۔ طریقے

مسیحا - ع مبارک۔ لقب عیسیٰ علیہ السلام

اخا - ع برادری۔ رشتہ داری۔ قرابت

رخا - ع نرمی۔ سستی۔ فراخی

ارخا - ع نرم و سست کرنا

آرخا - ت پشت۔ پیچھو۔ پتھا

استرخا - ع ڈھلک جانا۔ آویزان ہونا

سخا - ع سخاوت۔ کرم۔ بخشش۔ مہربانی

تلخا - ف پتہ۔ صفرا کا گھر۔ زہرہ

گودخا - ف جامہ پشمین جو فقیر لوگ پہنتے ہیں

فیحا - ع جوش جہنم۔ جوش دریا کا

زلیخا - ع نام عاشقہ یوسف علیہ السلام

شیخا - ع نام ایک صاحبزادی علیہ السلام کا

داء - ع درد۔ بیماری۔ مرض۔ رنج

ادا - ع پہنچانا۔ گذارش کرنا۔ بجا لانا

طیب الادا - ع خوشگو۔ خوش ادا آدمی

واجب الادا - قرض جسکا ادا کرنا واجب ہو

ادا

فرادا۔ ع فرد فرد۔ تنہا تنہا۔ الگ الگ۔ جدا جدا

منادا۔ ع آواز دیا گیا۔ بلایا گیا۔ مشہور کیا گیا

ابدا۔ ع ظاہر کرنا۔ پیدا کرنا

مُبْدِا۔ ع پیدا کرنیوالا۔ آغاز کرنیوالا

مَبْدا۔ ع آغاز کرنا۔ ظاہر ہونے کا مقام

ابتدا۔ ع آغاز کرنا۔ شروع کرنا

مُبتدا۔ ع ابتدا۔ ہر چیز کا آغاز

اقتدا۔ ع پیروی کرنا۔ پیچھے چلنا

مقتدا۔ ع پیشوا۔ امام۔ رہبر۔ آگے چلنے والا

جُدا۔ ف علحدہ۔ الگ۔ مستثنیٰ

حُدی۔ ع سرود شتربانان۔ بلوچوں کا راگ

حُدا۔ ع اونٹ کا چلانا۔ اونٹ کا ہانکنا

مُحدّی۔ ع رانپی موچیوں کا اوزار

خدا۔ ف صاحب۔ مالک۔ سب کا مالک

ناخدا۔ ف ملاح۔ کشتی بان۔ بیڑی چلانیوالا

کتخدا۔ ف کدخدا۔ صاحب خانہ۔ جسکی شادی ہوئی ہو۔ دولہا

ردا۔ ع چادر۔ سر کا جامہ

اِرْدا۔ ع سرسبز کرنا۔ تازہ کرنا

بادپردا۔ ف دریچہ جو ہوا کے لئے کھولا ہو

دردا۔ ف افسوس۔ افسوس ظاہر کرنیوالا

فردا۔ ف کل۔ کل کا روز

یدا

اشدا۔ ع سختی کرنیوالے۔ سختی کرنیوالے (جمع شدید)

صدا۔ ع آواز۔ جو گنبد، پہاڑ، [illegible]

عِدا۔ ع جمع عدو۔ دشمن۔ اعدا

عِدا۔ ع [illegible] ایک دوسرے [illegible]

اعدا۔ ع جمع عدو۔ دشمن لوگ۔ بدخواہ لوگ

تعدّا۔ ع ظلم۔ تعدی۔ جور۔ جفا۔ ستم

غدا۔ ع کل کا دن

فدا۔ ع قربان۔ صدقہ۔ [illegible]۔ قربان کرنا

نقدا۔ ف بالفعل۔ نقد۔ اسی وقت

گدا۔ ف فقیر۔ سائل۔ بھیک مانگنے والا

یلدا۔ ع شب تاریک۔ شب غم۔ اندھیرا

ہدا۔ ع ہدایت۔ [illegible]

عمداً۔ ع قصداً۔ جان بوجھ کر

ندا۔ ع آواز۔ صدا۔ [illegible]

سودا۔ ع سیاہ۔ خلط۔ [illegible]۔ دیوانگی۔ جنون

مؤدّی۔ ع ادا کیا گیا۔ قرض خواہ۔ قرض

یہودا۔ ع یوسف کے بھائی کا نام

ہُدا۔ ع راستی۔ راہ راست۔ سیدھا راستہ

شہدا۔ ع جمع شہید۔ جو راہ خدا میں قتل ہوئے

بیدا۔ ع جنگل۔ بیابان۔ [illegible]

پیدا۔ ف ظاہر

پیدا

ناپیدا۔ ف پوشیدہ چھپا ہوا۔ پردے میں

شیدا۔ ف دیوانہ آشفتہ حال۔ دل باختہ

ذا۔ ع یہ شخص۔ یہ مرد

اذا۔ ع ہرگاہ۔ جب جس وقت

اذی۔ ع تکلیف دینا۔ ایذا پہونچانا

لہذا۔ ع اس واسطے اس مطلب کے لیے

حبذا۔ ع خوب۔ بہتر۔ بہت اچھا

حذا۔ ع برابری ہمدوشی۔ برابر ہمدوش

غذا۔ ع خوراک کھانا۔ خوراک

قذی۔ ع خاک۔ غبار

قذا۔ ع تنکا آنکھ میں پڑجانا۔ خاشاک

ہکذا۔ ع اسی طرح۔ ہمچنیں

قویاقوذا۔ یونانی زبان میں شربت خشخاش

ایذا۔ ع رنج پہونچانا تکلیف دینا

را۔ ف کو۔ علامت مفعول

آرا۔ ع بہت سی عقلیں۔ ف آراستن سے امر۔ آرائی

[illegible]۔ ع [illegible] عورت خاوند کی ایسی ہیں

حباری۔ ع چرز۔ ایک جانور زرد و سیاہ

[illegible]۔ ف [illegible] بہت سخت چیز [illegible]

بخارا۔ ف ایک مشہور شہر کا نام

شری

قارا۔ ف نام بادشاہ ایران۔ کوئی بھی بادشاہ

دولت مند۔ مالک۔ رکھنے والا

مدارا۔ ع صلح کرنا۔ رعایت رکھنا

سارا۔ ف خالص۔ بے آمیزش۔ عورت کا نام

اساری۔ ع جمع اسیر۔ قیدیاں۔ بندی لوگ

قضارا۔ ف تقدیر خدا کے حکم سے۔ بحکم قضا

سکارا۔ ع مست لوگ۔ نشے والے

آشکارا۔ ف ظاہر۔ آشکار۔ کھلا ہوا

گوارا۔ ف خوش مزہ۔ خوش لذت۔ ہاضم چیز

یارا۔ ع قوت۔ طاقت۔ زور۔ توانائی

ابرا۔ ع بری ہونا۔ بیزار ہونا۔ پاک ہونا

تبرا۔ ع بیزاری۔ علیحدگی۔ بری ہونا

[illegible]۔ ع بحالت بے اختیاری [illegible]

عشرا۔ ع [illegible]

کبرا۔ ع جمع کبیر۔ بزرگان۔ عزت داران

کبری۔ ع مؤنث کبیر۔ بڑی چیز یا عورت

مبرا۔ ع پاک ہونا۔ صاف

اجترا۔ ع جرات کرنا۔ دلیری کرنا

اشترا۔ ع خرید کرنا۔ بیع میں لینا

افترا۔ ع بہتان۔ اور جھوٹ باندھنا

[illegible]۔ ع [illegible]

کلا

وُکَلا ۔ (جمع وکیل) وکیل لوگ ۔ مختار لوگ
بَلا ۔ ع ظاہر مخفف بلا ۔ دو شر یا بے بان بے سند
اَعلا ۔ ع بہت بڑا ہوا ۔ اونچا ہونے والا
رَقصِ بَلا ۔ ف ایران میں ایک قسم رقص یا ناچ ہے ۔
وِلا ۔ ع دوستی ۔ محبت ۔ پیار ۔ یکجہتی ۔ الفت
اُولیٰ ۔ ع مونث ۔ پہلی ۔ اگلی
جمادی الاُولیٰ یا جمادی اول ۔ مسلمانوں کا پانچواں مہینہ
عقلِ اُولیٰ او ۔ عقول اولیٰ فرشتگان مقرب بارگاہ الٰہی
نیابت اولیٰ ۔ ع عقل اول ۔ نور محمدی جبرئیل
تَوَلّا ۔ ع امید ۔ آرزو ۔ محبت
تیغولا ۔ ف کونا کھترا کسی چیز کا
طُولیٰ ۔ ع لمبا
یدِ طُولیٰ ۔ ع لمبا ہاتھ ۔ مہارت یا کمال ہنر کا
قَلوُلا ۔ ع قاز ۔ بلخ کی قسم کا ایک مرغ
مَولا ۔ ع مددگار ۔ مالک ۔ خداوند ۔ غلام
ہیولا ۔ ع مادہ ہیئت ہر چیز کی ۔ اصل
ہلا ۔ ف خبردار ہو کلمہ تنبیہ

وما

جُہَلا ۔ ع (جمع جاہل) جاہل لوگ
شَہلا ۔ ع زن میش چشم ۔ نرگس کا پھول جس میں سیاہی ہوتی ہے اور جس میں سرخی ہو اسکو بھی کہتے ہیں
نرگسِ شہلا ۔ ف ایضاً
لیلیٰ ۔ ع قیس کی معشوقہ
واویلا ۔ ع افسوس
ما ۔ ع نہ ۔ نہیں ۔ کیا چیز ۔ جو ۔ ف ہم
ماء ۔ ع پانی ۔ آب
اَمَا ۔ ع کنیزک ۔ باندی ۔ زرخرید عورت
اِمّا ۔ ع یا ۔ یا کر آدمی جو
اَمّا ۔ ف لیکن ۔ پر دراصل میں اما
احتما ۔ ع حمایت کرنا ۔ پرہیز کرنا بچاؤ کا
انتما ۔ ع بڑھنا ۔ پھولنا زیادہ ہونا
حیثما ۔ ع ہر کجا ۔ ہر جگہ ۔ جا بجا
حَما ۔ ع کیچڑ ۔ گل سیاہ
حِمیٰ ۔ ع چراگاہ ۔ سبزہ زار
حُمّیٰ ۔ ع تپ گرم تپ
رُحَما ۔ ع (جمع رحیم) رحم کرنے والے لوگ ۔ نرم دل
دِما (جمع دم) بہت سے خون یا لہو
قُدَما ۔ ع (جمع قدیم) قدیم چیزیں یا لوگ
نُدَما ۔ ع (جمع ندیم) صاحبان ہمنشینان مصاحبان

عوا

كَلبِ عَوّا ۔ ع کتا بھونکنے والا ۔ سگ بلند آواز
دَعوےٰ ۔ ع خواہش کرنا ادّعا ۔ حال کرنا
لَادَعوٰی ۔ ع بے مطلب ۔ کچھ غرض نہ ہو
اِغوا ۔ ع بہکانا ۔ فریب میں لانا
قُویٰ ۔ ع جمع قوۃ ۔ قوتیں ۔ طاقتیں
اِقوا ۔ ع تمام ہونا نظم کے قافیہ میں عیب
اَقویٰ ۔ ع صاحب قوت ۔ زبردست
شِکویٰ ۔ ع شکایت ۔ گلا ۔ غیبت
لِوا ۔ ع فوج کا علم ۔ لشکر کا نشان
بَلوا ۔ ع بلا ۔ زحمت ۔ آزمایش سختی میں
حَلوا ۔ ع شیرینی ۔ میٹھا کھانا ۔ لذیذ
سَلویٰ ۔ ع نام مرغ ۔ مرغ آسمانی
نَوا ۔ ف آواز موسیقی کے بارہ مقام سے ایک نام
شَنَوا ۔ ف سننے والا آدمی یا حیوان
بینَوا ۔ ف بے سامان فقیر مفلس بے دولت
نینَوا ۔ ع ایک شہر کا نام
ہَوا ۔ ع آسمان اور زمین کے درمیان جوف
حرص ۔ آرزو ۔ خواہش ۔ چلتی ہوئی باد
اَہوا ۔ ع بہت خواہشیں ۔ آرزوئیں
خیوا ۔ ع خوارزم کے ملک کا نام
شیوا ۔ ف فصیح ۔ بلیغ ۔ صاحب فصاحت و بلاغت
آوا ۔ ف کلمہ تعجب و افسوس

ہا

طٰہٰ ۔ ع نام سورۂ قرآن ۔ نام محمد مصطفےٰ
بَہا ۔ ف مول ۔ قیمت ۔ روشنائی ۔ زیبائی
خون بہا ۔ ف خون کا مول جو قاتل سے لیتے
شیر بہا ۔ ف نقد جنس جو دولہا دلہن کو
اِشتہا ۔ ع خواہش ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ بھوک
اِنتہا ۔ ع انجام ۔ اخیر
مُنتہا ۔ ع جا ۔ انتہا ۔ اخیر
سِدرۃُ المُنتہیٰ ۔ ع ساتویں آسمان پر
ایک بیر کا درخت
یہا ۔ ف کلمہ تعجب و افسوس
اژدہا ۔ ف بڑا سانپ ۔ سانپ کی ایک قسم
رہا ۔ ف خلاص ہوا ۔ چھوٹا ہوا ۔ بچا
کرہاً طوعاً و کرہاً ۔ ع ناخوشی سے
اَشہیٰ ۔ ع بہت مرغوب ۔ نہایت دلپسند
سُفَہا ۔ ع جمع سفیہ ۔ بیہودے ۔ احمق
نادان لوگ ۔
فُقَہا ۔ ع جمع فقیہ ۔ علم دین کے عالم و فاضل
اِنہا ۔ ع خبر دینا ۔ اطلاع پہنچانا
تنہا ۔ ف اکیلا ۔ خالی ۔ جمع تن یعنی بہت سے
تن یا لوگ
ایہا ۔ ع ہیہات بمعنی الامن

یا

یا ۔ ع حرف ندا، حرف خواہ، حرف عطف

آیا ۔ ف کلمۂ افسوس، تعجب و استفہام

سجایا ۔ ع جمع سجیہ، خوئیں، عادتیں، خصلتیں

خدایا ۔ ف اے خدا، کلمۂ تعجب

ہدایا ۔ ع جمع ہدیہ، پیشکش، سوغات

رذایا ۔ ع جمع رذیہ، لاغر، خورد، چھوٹی اونٹنی

برایا ۔ ع جمع بریہ، تمام خلقت، انسان، مرد

مرایا ۔ ع جمع مراۃ، آئینہ

رزایا ۔ ع جمع رزیہ، مصیبتیں، غم و رنج والم

مزایا ۔ جمع مزیت، افزونیاں، بزرگیاں، دولت

خطایا ۔ ع جمع خطیئہ، بہت سی خطا، تقصیریں

شظایا ۔ ع جمع شظیہ، ریزہ ریزہ، ریشہ ہائے استخوان

وصایا ۔ ع جمع وصیت، وصیتیں

قضایا ۔ ع جمع قضیہ، مقدمات، معاملات

رعایا ۔ ع جمع رعیت، مالگزار، رعیتیں

خفایا ۔ ع جمع خفیہ، پوشیدہ چیزیں

ثنایا ۔ ع چار دانت اگلے انسان یا حیوان کے

زوایا ۔ ع جمع زاویہ، گوشے، مقام علیحدہ

توتیا ۔ ف سرمہ

حیا ۔ ع شرم، باران، فراخی سال

احیا ۔ ع زندہ کرنا، جلانا، بیجان چیز کا

ئیا

محیّا ۔ ع چہرہ انسان وغیرہ ذی جان کا

یحییٰ ۔ ع نام ایک پیغمبر کا

اسخیا ۔ ع جمع سخی، بہت سخی لوگ

اردیا ۔ ع ہلاک کرنا، مار دینا، بیجان کرنا

جبریا ۔ ع اہل فلسفہ کا وہ فرقہ جو قضا کا قائل ہیں

ریا ۔ ع ظاہرداری، خود نمائی

بی ریا ۔ ف وہ شخص جس کا ظاہر باطن یکساں ہو

کبریا ۔ ع بزرگی، بڑائی، عزت، شان

ثریا ۔ ع پروین، چھ ستارے آسمان میں

دریا ۔ ف پانی کی ندی

زکریا ۔ ع نام ایک پیغمبر کا

کشتیا ۔ ف وہ شخص جو پانی میں لگ سکتا ہو

آسیا ۔ ف چکی، آسیاب، آٹا پیسنے کا پتھر

نسیاً منسیا ۔ ع بھولا، چوکا ہوا، سہوا

اشیا ۔ ع جمع شے، چیزیں، اسباب ہر قسم

اوصیا ۔ ع جمع وصی، بہت وصیت کرنے والے

ضیا ۔ ع روشنی، آفتاب، دھوپ

اصفیا ۔ ع جمع صوفی، صوفی لوگ، صاف دل لوگ

اتقیا ۔ ع جمع تقی، پرہیزگار لوگ، بزرگ لوگ

اشقیا ۔ ع جمع شقی، بہت سے گمراہ لوگ، فاسق فاجر

کیا

کیا ف صاحب. خداوند. بزرگ. پاکیزہ
اذکیا ع جمع ذکی، ذہین آدمی
آریا۔ ہ ہندو مذہب کی ایک شاخ کا نام ہے۔
گیا۔ ہ ہند میں ہنود کی ایک پرستشگاہ۔ گھاس کی جگہ
زہر گیا۔ ف ایک مہلک گھاس
مردم گیا ف ایک گھاس جسکی جڑ آدمی کی شکل کی ہوتی ہے
مہر گیا ف ایک گھاس جسکی جڑ شکل چہرہ انسان کی جسکے پاس رکھنے سے زمانہ مہربان ہوتا ہے
نوش گیا۔ ف نام گیاہ جو دافع زہر یا رہ وغیرہ
کنگار گیا۔ ت صاحب کلاہ۔ بادشاہ۔ امیر مال
علیا۔ ع بہت بلند رتبہ۔ صاحب عزت
اولیا۔ ع جمع ولی، بہت دوست اور خویش
مالخولیا } ع نام مرض خلل دماغی خیال خام
مالیخولیا }
ایلیا۔ ع سریانی زبان میں ساکت آدمی نام ایک شہر کا لقب مرتضیٰ علی
ارمیا۔ ع نام خضر یا الیاس پیغمبر کا
عمیا۔ ع زن نابینا چیز پوشیدہ از چشم
سوتمیا۔ ع نام ایک بیماری۔ ایک دوا
ریمیا۔ ع ایک علم ہے اسکے عمل سے آنکھوں میں آ جاتی ہے

دیا

کیمیا ف اکسیر جس سے چاندی سونا بنانا
اتکلیمیا۔ ع چاندی سونے کا میل جو شہوت چیز ہے
سیمیا۔ ع علم طلسم، عجائبات کا جو جادو سے متعلق ہے۔
نیا۔ ف دادا اور نانا اور ماموں رشتہ دار
مانیا۔ ع بیماری جنون جس میں بیمار کاٹنے کو دوڑتا ہے۔
غنیا۔ ع سرود نغمہ راگ
دنیا۔ ف یہ جہان۔ ع بہت نزدیک ہونے والی عورت
اغنیا۔ ع جمع غنی، دولتمند لوگ
سقمونیا۔ ع ایک گوند جو مسہل ایک قسم کی دوا
گونیا۔ ف الاچی سامان کا۔ ہ بیچنے والا
قلونیا۔ ع ایک سنکر جون
بویا۔ ف خوشبودار، ہ سونگھنے والا خوشبو کا
جوز بویا۔ ع جائفل۔ ایک خوشبو پھل
پویا۔ ف دوڑنے والا آدمی یا گھوڑا
جویا۔ ف ڈھونڈنے والا جستجو کرنیوالا
رؤیا۔ ع جو حال خواب میں نظر آئے خواب کی بات
گزویا۔ ف ایک قسم کا نیم مقوی معدہ ہے

قویا

اَقْوِیَا ۔ ع بہت سے زور آور لوگ (جمع قوی)
گویا ۔ گوئیا ۔ ف کلمۂ تشبیہ ۔ جیسا کہ

مہیا

مُہَیَّا ۔ ع موجود ۔ تیار ۔ درست کیا ہوا اسباب

آپ

ب

اب ع پدر۔ باپ

آب ف پانی رونق آبرو۔ ایک رومی مہینہ

افراس آب ف حباب۔ بلبلہ۔

جل آب ف پانی پر سبزی

زر آب ف زرد شراب جل کیا ہوا تانبا

عالم آب ف پانی کے جانور۔ نشہ عالم مستی

مآب ع جائے بازگشت۔ مقام۔ منزل

حسن المآب ع نیک بازگشت۔ خاتمہ بالخیر

باب ع دروازہ۔ مقالت حق ف پٹ۔

فتح الباب ع کشادگی کار آغاز ہر چیز کا

تباب ع ہلاکت۔ زیانکاری نقصان زوال

ارتیاب ع شک و شبہ میں پڑنا

ارباب ع جمع رب۔ پرورش کرنے والے۔ خداوندان

اسباب ع جمع سبب۔ بہتیرے باعث وجہ

چار اسباب ف چار علتیں یعنی مادی فاعلی صوری غائی

عالم اسباب ف دنیا۔ جہان خاکی۔ جہان فانی

حباب ع بلبلہ جو پانی پر پیدا ہوتا ہے

باپ

حباب ع دوستی کرنا پیار کرنا۔ الفت رکھنا

احباب ع جمع حبیب۔ بہت دوست

ذہاب ع رحلت۔ ظلام

ذباب ع مگس۔ مکھی

رباب ع نام ساز۔ ابر سپید۔ سعد کا معشوق۔ ایک موضع اور پہاڑ کا نام

شباب ع گھوڑے کا کودنا اور تیزی سے چلنا

صحاب ع جمع ان صاحبات جو اقبال

شباب ع جمع شاب۔ جوانان۔ بالغ لوگ

انصباب ع پانی یا دوسری رقیق چیز کا گرنا

عباب ع سیلاب۔ طغیانی۔ پانی کا ابھار

قباب ع جمع قبہ۔ گنبد۔ مگس۔ برج۔ شیر غران

کباب ف بھنا ہوا گوشت

انکباب ع درانی کا بجا لینا۔ منہ کے بل گرنا

لباب ع خالص۔ بے آمیزش۔ عقل

ذولباب ع صاحب عقل۔ ہوش۔ صاحب خرد

الباب ع جمع لب۔ دانشہا۔ عقلہا

اولی الالباب ع صاحبان عقل و ہوش

جلباب ع اوڑھنی۔ چادر اوڑھنے کی

یباب ع بیابان۔ صحرا۔ ویرانہ۔ بر

تاب

تاب ۔ ف طاقت۔ رونق۔ گرمی۔ تافتن کا امر

آب و تاب ۔ ف رونق۔ تازگی۔ چمک۔ خوبی

سیہ تاب ۔ ف لوہا۔ یا کوئی کالا رنگ۔ روشن

عنان تاب ۔ ف باگ گشتہ۔ سے پھیرنے والا

کرم شب تاب ۔ ف جانور جو رات کو چمکتا ہے

اکتتاب ۔ ع لکھنا۔ کتابت کرنا

پرتاب ۔ ف ڈالنا۔ تیر چلانا۔ انداز مسافت

تیر پرتاب ۔ ف ایک قسم کا تیر۔ تیر ہوائی

شتاب ۔ ف جلدی۔ بہت جلد۔ بلاتوقف

عتاب ۔ ع ملامت کرنا۔ جھڑکنا۔ خفا ہونا

عتّاب ۔ ع نام ایک عربی شاعر کا

آفتاب ۔ ف سورج۔ دھوپ

ناخن آفتاب ۔ ف آگ۔ آتش (روشنی اور گرمی سے)

دختر آفتاب ۔ ف شراب (روشنی اور رنگ سے)

علت آفتاب ۔ ف یرقان کی بیماری (زرد رنگ سے)

کتّاب ۔ ع جمع کاتب، لکھنے والے۔ کتب

کتاب ۔ ع لکھنا۔ لکھا ہوا کاغذ۔ اندازہ

ام الکتاب ۔ ع قرآن مجید۔ لوح محفوظ۔ سورۂ فاتحہ

چار کتاب ۔ ف توریت۔ انجیل۔ زبور۔ قرآن

جاب

واضع چار کتاب ۔ ف خدا تعالے جو چار کتاب بھیجنے والا ہے۔

استکتاب ۔ ع لکھانا۔ درخواست کتاب کا

مثاب ۔ ع جائے رجوع۔ مقام توجہ۔ جائے قصد۔

ماہتاب ۔ ف چاند۔ چاندنی

مہتاب ۔ ف چاند۔ چاندنی

مثاب ۔ ع باز آنا۔ جائے انبوہ۔ انبوہ گروہ

مثاب ۔ ع جزا۔ پاداش۔ بہاشتی اسے

احتجاب ۔ ع پردے میں جانا۔ چھپنا۔ پوشیدہ ہونا

مستجاب ۔ ع جواب پایا گیا۔ قبول کیا گیا

حجّاب ۔ ع جمع حاجب، دربانان پاسبانان

حجاب ۔ ع پردہ جو پوشیدہ کرے

عجاب ۔ ع تعجب کرنا۔ اچنبھے میں آنا

اعجاب ۔ ع تکبر و غرور کرنا۔ عجیب جاننا۔

استعجاب ۔ ع تعجب کرنا۔ اچنبھے میں پڑنا

مجاب ۔ ع جواب دیا گیا۔ واجب کیا گیا۔ قبول کیا گیا۔

سنجاب ۔ ف ایک جانور جسکے چمڑے سے پوستین بنتی ہے

ایجاب ۔ ع لازم کر لینا۔ ثابت اور مقرر کرنا

حاب

تَحَبُّب ۔ ع محبت کرنا۔ الفت کرنا۔ دوستی کرنا

سَحاب ۔ ع بادل۔ ابر

صَحاب ۔ ع (جمع صاحب)۔ یاران خداوندان صحبت۔

اِنتِحاب ۔ ع باہر نکالنا۔ چننا۔ الگ الگ کرنا

چَرخاب ۔ ف گرداب۔ بھنور

سُرخاب ۔ ف ایک جانور گلگونہ۔ شراب۔ نام کتاب۔

کمخاب ۔ ف ایک قسم کا قیمتی کپڑا جو طلا سے بنایا جاتا ہے۔

دَاب ۔ ع خو۔ خصلت۔ طریق۔ عادت۔ چلن

شاداب ۔ ف سیراب۔ تازہ۔ سرسبز

اِحدِیداب ۔ ع کوژ پشت ہو جانا

زَرداب ۔ ف پیپ۔ کچ لہو۔ ریم

سَرداب ۔ ف تہ خانہ۔ زمین کے اندر گھر

گِرداب ۔ ف دریا کا بھنور۔ چرخاب

سُداب ۔ ع ایک گھاس جو اسقاط حمل کے لئے کام آتا ہے

گوداب ۔ ع ایک آش جو جو میں پکتے ہیں

سفیداب ۔ ف سرب سوختہ۔ سفیدہ کاشغری

ذاب ۔ ع تشنہ لب۔ خشک لب

ذاب

اِنجِذاب ۔ ع جذب ہونا۔ کھنچے جانا

عَذاب ۔ ع دکھ۔ رنج۔ غم۔ الم

کِذّاب ۔ ع جھوٹ بولنا۔ خلاف بولنا

کَذّاب ۔ ع دروغ گو۔ جھوٹ بولنے والا (جمع کاذب)

مُسَیلِمہ کذّاب ۔ ع ایک کاذب جس نے نبوت کا دعویٰ کیا رسول کریم کے زمانے میں

مُذاب ۔ ع گلا ہوا۔ گداز ہوا ہوا

لعل مذاب ۔ ف لعل گداختہ یعنی شراب

داراب ۔ ف نام بادشاہ ایران پیشین

فاراب ۔ ف ایک شہر کا نام دریائے جیحون کے

تُراب ۔ ع خاک۔ خشک مٹی

ابوتُراب ۔ ع صاحب خاک۔ لقب حضرت علی

اَتراب ۔ ع جمع ترب ہم عمران۔ ہمسر وغیرہ ساتھی

اِغتِراب ۔ ع مسافر ہونا۔ بے وطن ہونا

اِقتِراب ۔ ع نزدیک آنا۔ پاس پاس ہونا

جُراب ۔ ع پوستا گانہ۔ پاؤں کا موزہ

حِراب ۔ ع جمع حربہ۔ ہتھیار۔ لڑائیاں

مِحراب ۔ ع جائے حرب۔ خانہ۔ طاق قبلہ مسجد گاہ

خَراب ۔ ع ویران کرنا۔ ست۔ بیخود۔ بے رونق

راب

زرناب ۔ع ایک خوشبودار گھاس جو جوش کرکے پیتے ہیں۔
سراب ۔ف ریگستان ریت جو دور سے پانی کی طرح نظر آوے
شراب ۔ع پینے کی چیز پانی شربت شراب
اِضراب ۔ع منہ پھیرنا، سر نیچے کرنا، ظاہر کرنا۔ راز افشا کرنا
اَضراب ۔ع مانند۔ انواع اشکال امثال
مضراب ۔ع ساز بجانیکا آلہ۔ ناخنکا ارزہ
اِضطراب ۔ع خلل پانا پریشان حال ہونا کانپنا۔
اَعراب ۔ع صحرانشین جنگلی لوگ۔ بیابانی خلقت۔
اِعراب ۔ع واضح کرنا۔ روشن کرنا بیان حرکات حروف
غُراب ۔ع زاغ۔ کوا
اِستغراب ۔ع تعجب دلانا تعجب کرنا
قِراب ۔ع نزدیکی تلوار خنجر جریب مشک آب
سُہراب ۔ف نام پسر رستم
سیراب ۔ف جو پانی پی چکا ہو۔ جو تشنہ نہ ہو
میراب ۔ف میر بحر۔ پانی کا داروغہ۔ آبیار

صاب

اَحزاب ۔ع جماعتیں گروہ آدمیوں کا
تیزاب ۔ع ایک مشہور دوا
میزاب ۔ف ناودان۔ پرنالہ
اِسہاب ۔ع بہت بولنا۔ جنگل میں چلت گھوڑے کا نکل جانا۔
اِحتساب ۔ع حساب کرنا منع کرنا ممنوع چیزوں سے
اِکتساب ۔ع حاصل کرنا کسب کرنا۔
اِنتساب ۔ع نسبت رکھنا۔ پیوند رکھنا۔ جوڑنا
حساب ۔ع شمار کرنا۔ حساب کرنا
تختۂ حساب ۔ف نجوم یا رمل کے کام کا تختہ
یوم الحساب ۔ع قیامت کا روز
سرحساب ۔ف آگاہ۔ خبردار۔ حسابدان
اِستکساب ۔ع حاصل کرنا کسب کرنا معاش کرنا
اَنساب ۔ع جمع نسب۔ نسبہا پشتیں نژادہا
شباب ۔ع مرد جوان۔ مرد بالغ
اَعشاب ۔ع سبز گھاس۔ چرنے کی گھاس
خوشاب ۔ف پنجاب میں ایک خطہ
دوشاب ۔ف شیرۂ انگور و خرما جو ترش ہو
اِنتصاب ۔ع بپا ہونا۔ قایم ہونا۔ نصب ہونا
قصاب ۔ع ذبح کرنے والا۔ کاٹنے والا
باب قصاب ۔ف ایک کشتی کا داؤ

کاب

زکاب - ہ - سیاہی لکھنے کی
انسکاب - ع - پانی گرانا۔ رونا
کشکاب - ف - آش جو
تالاب - ف - پانی کی جھیل یا حوض
لبلاب - ع - عشق پیچہ۔ ایک گھاس و پھول نیلا
جلاب - ع - کھینچنے والا۔ کشش کرنیوالا
جلاب - ع - قند و گلاب کا شربت
استجلاب - ع - اپنی طرف کھینچنا۔ حاصل کرنا
مستلاب - ع - گندہ پانی کا مغاک
قلاب - ع - آب گل کیچڑ
اسطرلاب] ع - آلہ نجومیاں جس سے آسمان
اصطرلاب] کا احوال ظاہر کرتے ہیں۔
چارم اصطرلاب - ف - قرآن شریف
سلاب - ع - ماتم کا لباس جو سیاہ رنگ کا ہے
اصلاب - ع - جمع صلب۔ استخوان ہائے پشت۔ آباء و اجداد
طلاب - ع - جمع طالب۔ ڈھونڈنے والے
قلاب - ع - لوہے کا کانٹا مچھلی پکڑنے کا
قلاب - ع - دغاباز۔ کج فہم۔ اولٹا چلنے والا
شیرقلاب - ف - گرسنہ کا کھسوا
سقلاب - ف - روس کے ایک علاقہ کا نام

ثاب

انقلاب - ع - الٹ جانا۔ گردش۔ ستارہ کی جست۔
کلاب - ع - جمع کلب۔ کتے
کلاب - ف - پیمروں کا ورق۔ دالو
دولاب - ف - چرخ۔ چوب جا جس سے پانی نکالتے ہیں
کولاب - ع - تالاب۔ پانی کا چشمہ
سیلاب - ف - دریا کی طغیانی۔ پانی چڑھاؤ
سیماب - ف - پارہ۔ ایک مشہور دھات
ناب - ف - خالص۔ صاف۔ شراب۔ بادہ
اجتناب - ع - دور ہونا۔ یکسو ہونا۔ پرہیز کرنا۔ بچنا
جناب - ع - جانور کے گلے میں باندھنے کی تکلی۔ دل و خیال سے دور ہونا
جناب - ع - دو پہلو۔ ت۔ دوکان
جناب - ع - درگاہ۔ آستانہ۔ جیسے مستحق افضل بڑا
عالیجناب - ف - بلند مرتبہ۔ بڑا آدمی۔ امیر کبیر
ارتکاب - ع - گناہ کرنا۔ خدا کی نافرمانی
اذناب - ع - جمع ذنب۔ [illegible]
طناب - ع - ریسمان خیمہ۔ رسی۔ رشتہ
اطناب - ع - درازی تقریر۔ طول سخن
اطناب - ع - جمع طناب۔ رسنہا۔ رسیاں

باب ذب

تذبذب - دودلا ہونا - متردد ہونا - معلق ہونا ہوا میں -

مذبذب - دودلا متردد - تردد کرنیوالا

جذب - کشش کرنا کشش

تحذّب - مہربانی کرنا لطف کرنا عنایت کرنا

عذب - آب شیریں خوش مزہ میٹھا پانی

مستعذب - شیریں - خوشگوار - میٹھا

مستعذب - شیریں کیا گیا - لذت دار بنایا گیا -

کذب - جھوٹی بات خلاف واقع جھوٹ

کذّب - دروغ جھوٹی بات خلاف واقع تقریر

مہذِّب - پاک کرنیوالا عیب سے نیکی بتانے والا

مہذَّب - پاک کیا گیا - ایک لغت کی کتاب کا نام

ربّ - خدا - رب - پروردگار - پالنے والا - پرورندہ

رُبّ - آب انگور وغیرہ جو پختہ غلیظ ہو

ارب - حاجت - خواہش مطلبگاری

مشارب - جمع مشرب بہت سے دین اور مشرب

مآرب - مقام حاجت - حاجت روائی کی جگہ

باب رب

تجارُب - تجربہ کرنا - آزمانا امتحان لینا

تجارِب - جمع تجربہ بہت سی آزمائشیں

تحارُب - جنگ کرنا محاربہ کرنا دشمن سے

محارِب - لڑنیوالا - جنگ کرنے والا - چارپایہ درندہ

شارِب - پینے والا شراب پیا پانی پینے والا

ضارِب - ضرب لگانے والا - مارنے والا چوٹ لگانے والا -

اقارب - جمع قریب، نزدیکان خویشان رشتہ داراں -

تقارُب - پاس پاس ہونا - پہلونشین ہونا

عقارب - جمع عقرب بہت سے بچھو

ہارِب - بھاگنے والا - گریز کرنے والا [illegible] ہونے والا

مہارب - جمع مہرب بھاگنے کے مقام

تِرب - ہم عمر ہمزاد ہم وطن ہم جنس

ترب - ف مولی - ایک مشہور ترکاری

ثرب - حیوان کے معدہ پر جھلا ہوا ایک پردہ چربی کا

یثرب - نام شہر مدینہ مسکن مدفن رسول کریم

جرب - خارش کھجلی کی بیماری

ـنب	ـلب

ـلب

طحلب ۔ [illegible]

ثعلب ۔ [illegible]

مثالب ۔ [illegible]

صلب ۔ سخت دشوار مشکل

صلب ۔ پیٹھ کی ہڈیاں

طلب ۔ خواہش کرنا ۔ مانگنا سائل ہونا ڈھونڈھنا ۔

مطلب ۔ [illegible]

حسن طلب ۔ [illegible]

[illegible]

مطلب ۔ [illegible]

عبد المطلب ۔ نام جد محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ثعلب ۔ روباہ ۔ لومڑی

داء الثعلب ۔ بیماری بالچر بال خورہ

غلب ۔ غلبہ کرنا ۔ انسان کی حد سے بڑھنا ۔

قلب ۔ اولٹا ہوا ۔ دل ۔ فوج میانہ ۔ [illegible] درمیانی

تقلب ۔ بہت پھرنا ۔ گردش کرنا ۔ دورہ کرنا

منقلب ۔ اولٹا ہونیوالا ۔ الٹ جانیوالا

ـنب

منقلب ۔ [illegible] ۔ پھرنے کی جگہ ۔ اولٹنا

کلب ۔ کتا ۔ سگ

کلاب ۔ [illegible] کتے پالنے والا کتا

جوع الکلب ۔ کتے کی بھوک ۔ ایک بیماری کا نام

تولب ۔ خر بچہ ۔ گدھے کا بچہ

ہلب ۔ موٹے موٹے سور کے بال

جانب ۔ طرف کنارہ زمین

اجانب ۔ جمع اجنبی ۔ بیگانگان

مجتنب ۔ پرہیز کرنے والا ۔ دوری کرنیوالا ہٹ جانے والا ۔

جنب ۔ مرد بے غسل جسکو نہانا فرض ہے

جنب ۔ پہلو کنارہ ۔ ایک طرف جسم کا

ذات الجنب ۔ ورم پردہ میان قلب معدہ ۔ ایک مہلک بیماری

تجنب ۔ دور ہونا ۔ یکطرف ہونا ۔ پرہیز والا ہونا

ذنب ۔ دم ۔ پونچھ کسی جانور کی

ذنب ۔ گناہ ۔ تقصیر

ذنب ۔ دم چارپایہ ۔ دم دار ستارہ

مذنب ۔ گنہگار ۔ خطاوار ۔ تقصیروار

ارنب ۔ خرگوش ۔ جانور مشہور [illegible]

رنب

زرنب - ع ایک دوا - ایک درخت کے پتے

کرنب - ع سبزہ جسکو کرم کلّہ کہتے ہیں قسم ساگ

طلنب - ع صفحۂ مشق جس پر طالب علم مشق کرتے ہیں۔

مطنب - ع دراز جیسے والا لمبا کرنیوالا

عنب - ع انگور - ایک قسم کا میوہ

ابن العنب - ع انگور کی اولاد یعنی شراب انگوری

بنت العنب - ع دختر انگور یعنی شراب انگوری

قنب - ع درخت بنگ - بھنگ

مقنّب - ع وہ چیز جس میں بھنگ ملی ہو نشہ والی چیز

مقنب - ع شیر کے چنگال. شکاری کا توشہ دان. شکار ڈالنے والا

کنب - ع کتان کی پوست سے بنا ہوا ایک قسم خیار

زینب - ع نام دختر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نام دختر آنحضرت. نام دختر بی بی فاطمہ

شاذب - ع تازہ چھپائی. اداسی

حبوب - ع جمع حب، دانے. گولیاں گول صورت

محبوب - ع پیارا. دوست محبت والا شخص

چوب

لبوب - ع جمع لب، خلاصہ اسے جو چیز بہتر اسے تخم

مربوب - ع پرورش یافتہ. پالا ہوا لڑکا

انبوب - ع نلی. اندر سے خالی نے

هبوب - ع ہوا کا چلنا

توب - ف توپ. فوج لشکر

توب توب - ف فوج فوج. بڑا مجمع فوج کا

مکتوب - ع خط. لکھا ہوا کاغذ

ادتوب - ت گزشتہ زمانہ. گزرا ہوا وقت

ثوب - ع جامہ لباس پوشاک کپڑے

مثوب - ع ثواب دیا گیا. نیکی پہنچایا گیا اچھا کیا گیا۔

اجوب - ف کشادہ. فراخ. صاحب ہیبت

محجوب - ع پردہ نشین. مستور. پوشیدہ

وجوب - ع واجب ہونا. لازم ہونا. تقاضا ذوق کا

چوب - ف لکڑی

خرچوب - ف چھوٹی لکڑی جو سارنگی کے تاروں کے نیچے ہوتی ہے۔

زرد چوب - ف ہلدی

سرمہ چوب - ف سیل سرمہ. سرمہ ڈالنے کی سلائی

گرد چوب - ف [illegible]

ـوب
مقضوب - ع - سا قطع کیا گیا۔ حوالہ کیا گیا۔ اقتدار میں دیا گیا۔
خوب - ف - اچھا۔ بہتر۔ بہت عمدہ
منتحب - ع - چلا کر نوحہ کرنا آواز بلند سے رونا
ایذوب - ف - ساختہ۔ درست۔ بے عیب
ذوب - ع - گلنا۔ آنچ سے گرم ہو سخت چیز پتلا ہونا۔
مجذوب - ع - کھینچا گیا۔ کشش کیا گیا۔ دیوانہ
کذوب - ع - دروغ گو۔ جھوٹ بولنے والا
زروب - ف - [illegible] اچھا اچھا بولنے والا
جاروب - ف - جھاڑو۔ زمین صاف کرنے کی جھاڑو۔
حروب - ع - بہت جنگ۔ لڑائیاں۔ معرکے
خرنوب - ع - ایک گھاس جس زمین میں اگے وہ اجڑ جاتی ہے
مشروب - ع - پیا گیا پانی یا شراب وغیرہ
طروب - ع - خوش۔ خرم۔ صاحب طرب
طروب - ع - جمع طرب۔ خوشیاں۔ آرام۔ عیش۔ عشرت
عروب - ع - زن خوش مزاج۔ محبوبہ شوہر
غروب - ع - سورج کا چھپ جانا۔
کروب - ع - جمع کرب۔ تنگی۔ بے آرامی۔ خرابی

ـوب
مهروب - ع - بھاگا ہوا۔ جو بھاگ جائے
محسوب - ع - شمار کیا گیا۔ حساب کیا گیا
رسوب - ع - پانی وغیرہ کے نیچے بیٹھنے والا میل
مرسوب - ع - تہ نشین
یعسوب - ع - ایک قسم کا بڑا زنبور۔ امیر سردار قوم
منسوب - ع - نسبت کیا گیا۔ پیوند کیا گیا کسی سے
آشوب - ف - فتنہ فساد۔ شورش۔ جھگڑا
صوب - ع - طرف۔ جانب۔ رستا
اصوب - ع - بہت صواب۔ زیادہ تر صواب
مشعوب - ع - ٹکڑا کیا گیا۔ پیوند کیا گیا
عضوب - ع - جمع عضب۔ تلواریں وغیرہ سلاح آہنی
غضوب - ع - غضبناک۔ پر غضب۔ خشمگین
مغضوب - ع - جو شخص غضب میں ہو۔ غضبناک
نضوب - ع - زوال ہونا۔ کم ہونا۔ نابود ہونا
خطوب - ع - جمع خطب۔ بڑا کام۔ بڑی مہم
مرطوب - ع - تر۔ رطوبت ناک۔ نمناک چیز
منکوب - ع - رنجیدہ۔ بیمار۔ مبتلا۔ رنج کشیدہ

طیب

مُطَیَّب - خوشبو دینے والا۔ پاک کرنے والا۔ دل پسند۔

عَیب - نقصان کمی۔ خسارہ

رَعِیب - خائف ڈرنے والا۔ خوف کرنے والا

شُعَیب - نام پیغمبر خسر موسیٰ علیہ السلام

مُعَیِّب - عیب کرنے والا۔ اپنے آپکو نقصان پہونچانے والا۔

غَیب - پوشیدگی۔ چھپی چیز یا بات

حفظ الغیب - کسی کی غیر حاضری میں نیک یاد کرنا

لسان الغیب - خواجہ حافظ کا لقب

مُرَغِّب - رغبت کرنے والا۔ چاہنے والا

تَرغِیب - رغبت دلانا۔ خواہش دلانا

رَقِیب - نگہبان جو شخص ایک معشوق پر عاشق ہو

عَقِیب - تابعدار پیرو۔ پیروی کرنے والا

تَلقِیب - لقب دینا۔ خطاب مقرر کرنا

نَقِیب - گروہ۔ سردار۔ رازدار۔ واقف

مَنَاکِیب - جمع منکوب۔ خراب و بدحال لوگ پریشان لوگ

رَکِیب - رکاب۔ رکاب

تَرکِیب - ملانا دو چیزوں کا۔ بنانا

اَسَالِیب - جمع اسلوب۔ طریقیں۔ طرزیں

حیب

تَقَالِیب - جمع تقلیب۔ گردشیں پلٹنا۔ پانوں کا

حَلِیب - دودھ۔ تازہ شیر تازہ و خام

عَندَلِیب - بلبل۔ مشہور مرغ

سَلِیب - لوٹا ہوا اسباب۔ غارت کیا ہوا مال

صَلِیب - سولی۔ چلیپا۔ دار

عُود الصَّلِیب - ایک لکڑی جس سے نصارا صلیب بناتے ہیں اور متبرک ہے۔

تَصلِیب - سولی دینا۔ صلیب پر چڑھانا

قَلِیب - پرانا چاہ۔ چاہ خام۔ چاہ

تَقلِیب - پھیرنا۔ اُلٹنا۔ کروٹ دلانا

تَذنِیب - دنبالہ پیدا کرنا۔ دم دراز ہونا

تَصوِیب - راست و درست کہنا۔ سچا کہنا

تَرہِیب - ڈرانا۔ خوف دلانا۔ پرخوف کرنا

صُہَیب - محمد کے ایک اصحابی کا نام

لَہِیب - آتش شعلہ زن۔ جلتی ہوئی آگ

مُہِیب - مرد ہیبت ناک۔ خوفناک

تَنہِیب - ڈرانا۔ نہاب ہاتھ سے لینا۔ غارت

نَہِیب - غارت گر۔ لوٹنے والا۔ تاراج کرنے والا

اسپ	تپ
اَسپ ف گھوڑا۔ اسپ گشتاسپ ف نام بادشاہ بیوراسپ ف خطاب ضحاک بادشاہ دیوسپ بمعنی فرس بزرگ لہراسپ ف ایک شخص بادشاہ کا نام	پ تَپ ف بخار۔ ایک بیماری تپ چَپ ف ضد راست۔ بایاں الٹا طرف

بات

ث

مجابات۔ ع۔ جواب کے لایق باتیں

خرابات۔ ف۔ بت خانہ۔ قمار خانہ۔ شراب خانہ۔ ویرانہ مقام

غابات۔ ع۔ جمع غابہ۔ بہت سے جنگل اور بن

ثبات۔ ع۔ قرار۔ ثبات۔ تمکین۔ مضبوطی

اثبات۔ ع۔ ثابت کرنا

عتبات۔ ع۔ جمع عتبہ۔ آستانہ۔ بہت سی عتبیاں۔

جبابات۔ ع۔ مال جمع کرنے والے بخیل لوگ

واجبات۔ ع۔ جمع واجب۔ ضروری احکام

محاربات۔ ع۔ لڑائیاں۔ جنگ کے مقدمے جو آپس میں ہوں۔

سبات۔ ع۔ نیند کی بیماری۔ راحت دل۔ آسایش۔ آرام۔

عصبات۔ ع۔ جمع عصبہ۔ ناطے رشتہ داریاں

قصبات۔ ع۔ جمع قصبہ۔ بہت سے قصبے اور بستیاں۔

مخاطبات۔ ع۔ باہم کلام کرنا۔ تقریر کرنا۔ باتیں کرنا

جات

مرغبات۔ ع۔ جمع مرغب۔ مرغوب چیزیں۔ پسند چیزیں۔

عقبات۔ ع۔ مشکل راستے۔ دشوار گذار راستے۔

غلبات۔ ع۔ جمع غلبہ۔ بہت سے غلبے۔ زیادتیاں۔

مبات۔ ع۔ رات گذارنا۔ شب باش ہونا

نبات۔ ع۔ مصری۔ قند سفید۔ سبزہ روئیدگی۔

شاخ نبات۔ ف۔ کوزہ قند۔ نام معشوقہ خواجہ حافظ شیرازی۔

مستطابات۔ ع۔ خوش طبعیاں

ثیبات۔ ع۔ زنان شوہر دیدہ۔ شادی شدہ عورتیں

کعبات۔ ع۔ زن جوان۔ بالغ عورت جو لایق نکاح ہو۔

نفاثات۔ ع۔ جادوگر عورتیں۔ سحر ساز عورتیں

کاعبات۔ ع۔ نوجوان عورتیں۔ کنواری لڑکیاں

اخراجات۔ ع۔ جمع خرچ۔ بہت سے خرچ

مفاجات۔ ع۔ اچانک ہونا۔ یکایک ہونا کسی بات کا

جات

مُنَاجَات ۔ مناجات مانگنا۔ دعائیں جناب الٰہی

دَرَجَات ۔ جمع درجہ، پایہ۔ بلند آسمان درجے

مُزجَات ۔ اندک۔ بے اعتبار۔ قلیل اور تھوڑی چیز

سَابِحَات ۔ زنان روزہ دار۔ سیر کرنے والی عورتیں

مُکَارَحَات ۔ خوش مذاق باتیں جس سے دوسرا آرام میں آوے

مِسْحَات ۔ پھاوڑا۔ مٹی کھودنے کا بیلچہ

نَفَحَات ۔ خوشبوئیاں سونگھنے کی چیزیں

مِسْحَات ۔ لکڑی صاف کرنیکا رندہ

فُتُوحَات ۔ جمع فتح۔ کشائشیں۔ جیتیاں

رَوحَات ۔ خوشبوئیں۔ خوش ہوائیں

فَوحَات ۔ خوشبوئیں۔ عطریات۔ خوش ہوائیں

نَفُوحَات ۔ پھیکنا خوشبو کا۔ فرحیاں اچھی ہوائیں

نَفَات ۔ علیوا، جمیل، خوشبو پرند

مُوَاخَات ۔ برادری کرنا۔ کسی کا بھائی بننا۔

نَفَخَات ۔ دم پھونکنا۔ پھونک مارنا۔ کسی کو دم چڑھانا۔

دات

شَامِخَات ۔ جائے بلند۔ اونچے محل بلند عمارتیں۔

اَدَوَات ۔ اسباب۔ سلاح۔ لڑائی کے قسم کا اسباب۔

جَاوَات ۔ انگور کے دانے

سَادَات ۔ جمع سید، سید لوگ آل نبی اولاد علی

عَادَات ۔ جمع عادت، انسان کی خوئیں خصلتیں۔

خَارِق عَادَات ۔ جمع خرق، عجیب کرامات۔ خلاف عقل کی باتیں

مُعَادَات ۔ عداوت کرنی خصومت کرنا بیر کرنا

جَمَادَات ۔ پتھر، معدنی چیزیں بے جان چیزیں

عِبَادَات ۔ جمع عبادت، عبادتیں سنون

زِیَادَات ۔ نام کتاب فقہ حنفی المذہب

سَجَدَات ۔ جمع سجدہ، سجدے

تَرَدُّدَات ۔ شکستگیاں، تکرار، بحثیں تشتتیں۔

رَدَّات ۔ موڑنا۔ پھیرنا۔ دیوار کا ردہ

رات	ذات
محاذات ۔ و روبرو ہونا۔ سامنے پڑ جانا مقابلہ پر جانا۔	واردات ۔ و جمع وارد، سرگذشت جو حال گزرے
لذّات ۔ و جمع لذت، لذتیں	مستلذات ۔ و مزے لینے والی، اچھی مزہ دار چیزیں
ہادم اللذات ۔ و لذتوں کا دور کرنے والا۔ ملک الموت	مجرّدات ۔ و عقول عشرہ ارواح ملائک جو مجرد ہیں۔
مستلذات ۔ و لذت دار چیزیں۔ مزیدار چیزیں	مفردات ۔ و حروف تہجی، الف با ت کا
تارات ۔ و بہت مرتبہ۔ بہت دفعہ کئی بار	معاذات ۔ و دشمنی کرنیوالے۔ حد سے بڑھنے والے۔ خصومت رکھنے والے
مدارات ۔ و صلح۔ رعایت۔ خوشامد	ہمذات ۔ ف ایک قوم کا نام
مدارات ۔ و سیر کواکب فرض کردہ منجماں	موجودات ۔ و جمع موجود، بہت سی پیدائشیں
قرارات ۔ و وظیفے تنخواہیں۔	ہُدات ۔ و جمع ہادی ہدایت کرنے والے مرشد۔ استاد
اشارات ۔ و نام کتاب بوعلی سینا حکمت کے علم میں	لِدات ۔ و ہمزاد لڑکیاں۔ ہم عمر لڑکیاں ہمسن لڑکیاں۔
امارات ۔ و نشانیاں۔ علامتیں جو کسی پر لگائی جائیں۔	ذات ۔ و صاحب۔ خداوند، ہستی، حقیقت ہر چیز، نفس ہر چیز
مسارات ۔ و ساتھ چلنا۔ عداوت کرنا۔ جھگڑا کرنا	پانصدی ذات ۔ ف امیروں کا ایک عہدہ
ماثرات ۔ و گذشتہ باتیں ماجرا ہائے سلف	صدی ذات ۔ ف بادشاہی منصب امیروں کے واسطے
عوارات ۔ و بہت سے عیب رکھنے، رسوائیاں	یکذات ۔ ف یکدل۔ یک جان۔ یک سخن یک رخ آدمی
اختیارات ۔ و نام کتاب طب جو بہت عمدہ ہے	یکصدی ذات ۔ ف نام عہدے کا امیروں کے واسطے
برات ۔ و تنخواہ جس نوشتہ کے ذریعہ خزانہ سے روپیہ ملے۔	
شب برات ۔ ف پندرہویں شعبان کی رات	

رات

ہرات ۔ ف دار الملک خراسان
تظاہرات ۔ ع حمایت کرنا ۔ مدد کرنا ۔ پشت دینا۔
خیرات ۔ ع جمع خیر نیکیاں خوبیاں
مجازات ۔ ع جزا دینا ۔ بدلا دینا ۔ عوض دینا
موازات ۔ ع برابری کرنا ہمسری کرنا برابر ہونا
معجزات ۔ ع جمع معجزہ ۔ معجزے
غزات ۔ ع جمع غازی ۔ کفار سے لڑنے والے ۔ جہاد کرنے والے۔
لکزات ۔ ع س ۔ بنی چیزیں جو گل جاتی ہیں۔
ملابسات ۔ ع جمع لباس ۔ تعلق خوشامد
مقاسات ۔ ع رنج پانا ۔ عذاب پانا دکھ پانا
کاسات ۔ ع جمع کاسہ ۔ پیالے پانی کے جام
مواسات ۔ ع ہمدردی غمخواری ہمدردی کرنا
اسطقسات ۔ ع جمع اسطقس ۔ عناصر ۔ چار عنصر
ملبوسات ۔ ع جمع ملبوس ۔ لباس پوشاکیں

ضات

شات ۔ ع بکری ۔ گوسپند
مماشات ۔ ع ہمراہی کرنا ۔ راستے میں ساتھ چلنا۔
نشات ۔ ع پیدائش ۔ عالم ۔ موجودات
منشآت ۔ ع س ۔ عبارات ۔ تصنیفات انشا میں۔
وشات ۔ ع جمع واشی ۔ غماز ۔ سخن چین دروغ گو۔
حصات ۔ ع سنگریزہ ۔ کنکرہ
عرصات ۔ ع جمع عرصہ ۔ قیامت حشر کا میدان۔
عصات ۔ ع جمع عاصی ۔ گنہگاران ۔ عاصی لوگ۔
مفاوضات ۔ ع بہت سے مکتوب پرچہ جات
مفترضات ۔ ع فرض کی ہوئی چیزیں اٹکلی ہوئی چیزیں۔
غضات ۔ ع جمع غضا ۔ ایک قسم کے جنگلی درخت۔
قضات ۔ ع جمع قاضی ۔ بہت سے قاضی حاکم شرع۔
قاضی القضات ۔ ع بڑا قاضی ۔ بڑا حاکم

مات	لات

لات

دَلّات ۔ م لغزشیں غلطیاں

مُراسلات ۔ م جمع مراسلہ، خطوط خط کتابت کرنا ۔

صِلات ۔ م جمع صلہ عطا، انعامات بخششیں

مُعضلات ۔ م مشکلیں جو حل نہ ہو سکیں

فُضلات ۔ م جمع فضلہ، نکلی ہوئی چیزیں بچی چیزیں ۔

عَلات ۔ م سنداں ۔ لوہاروں کے کام آتی ہیں ۔

غُلات ۔ م جمع غالی، حد سے گزرنے والے ۔ زیادہ کام کرنے والے

سقلات ۔ م سقرلات ۔ بنات کا کپڑا

فَلات ۔ م بیابان بے آب ۔ ویرانہ جنگل غیر آباد ۔

کلات ت ۔ ... نام شہر سلاجنگ یا فن کشتی ۔

پانچ کلات ۔ ف کشتی کے داؤں کا نام پہلوانوں کا ایک فن

مُجمَلات ۔ م وہ آیات جو شرح کی محتاج ہیں

وُلات ۔ م جمع والی، حاکمان ۔ والیاں دوستاں ۔ مالکان

مات

مجہولات ۔ م موجودہ چیزیں جنکی اطلاع نہ ہو ۔

مات ۔ ف مرگیا ۔ ہار جانا بازی شطرنج کا

اُمّات ۔ م جمع امّ، مادران حیوان سوائے انسان

تامات ۔ م جمع تامہ، کاملات ۔ کامل چیزیں

محامات ۔ ف کسی کی دفعہ کرنا کسی چیز کو نگاہ رکھنا

مرامات ۔ م جمع مرام، مقاصد مطالب مرادیں

طامات ۔ م ہرزہ گوئی سخنان بیہودہ

مقامات ۔ م جمع مقام، مراتب ۔ درجہ ہائے بلند ۔

منامات ۔ م جمع منام، بہت سی نیندیں خوابیں

حمات ۔ ف کیچڑ ۔ گل ولائے

حُمات ۔ م جمع حامی، حمایت کرنیوالے

محتمات ۔ م جمع محتم واجب ہونے والی چیزیں ۔ درست ہونے والی چیزیں

خِدامات ۔ م جمع خدمت، خدمتیں

مات

مُحَرَّمات ۔ (جمع محرم) حرام چیزیں ممنوع چیزیں۔

سمات ۔ (جمع سمت) راستے، جادہ، سمتہا جانب ہا

طِلسمات ۔ (جمع طلسم) عجیب تماشے عجیب خیز کام

نسمات ۔ (جمع نسم) خوشبوئیں۔ مثل عطر عبیر وغیرہ

مشأمات ۔ (جمع مشوم) شوم، بدبخت لوگ۔ بدی پر خوش ہونے والے

لطمات ۔ (جمع لطمہ) طمانچے۔ سخت صدمے۔

معظمات ۔ (جمع معظم) بڑی چیزیں عظمت والی چیزیں۔

تنعمات ۔ (جمع تنعم) نعمتیں عیش و عشرت

نغمات ۔ (جمع نغمہ) آوازہائے خوش سرود ہا۔

کمات ۔ (سماروغ) کھنبی جو برسات میں زمین سے نکلتی ہے

محاکمات ۔ (جمع محاکمہ) رفع کرنا لڑائی اور خصومت کا

نات

محکمات ۔ آیات محکمات وہ آیات قرآنی جنکی معنی ظاہر ہوں اور جلدی سمجھ سکے

ظلمات ۔ (جمع ظلمت) تاریکیاں بہت سے اندھیرے

کلمات ۔ (جمع کلمہ) بہت کلمے، باتیں

ممات ۔ مرگ۔ موت۔ اجل

متنعمات ۔ تنعم کرنیوالی چیزیں۔ (جمع متنعم)

مطعومات ۔ کھانے کی چیزیں۔ قسم قسم کے طعام۔

آنات ۔ (جمع آن) توقف۔ کام کی دیرگی

آنات ۔ اوقات۔ بہت سے وقت (جمع آنہ)

قرانات ۔ (جمع قران جمع قرن) قرن تیس برس کا ہوتا ہے۔

عمرانات ۔ (جمع عمران) آبادیاں۔ بستیاں۔ شہر۔

بنات ۔ (جمع بنت) بیٹیاں۔ دختران

جنات ۔ (جمع جنت) باغہا۔ بہت باغ

جناۃ ۔ (جمع جانی) گنہگاران قصوروار لوگ۔

نات

صحنات ۔ نانخورش گوشت ماہی جو مصری لوگ بناتے ہیں۔
مسخنات ۔ گرم کرنے والی چیزیں جو گرم ہوں۔
حسنات ۔ جمع حسن، نیکیاں خوبیاں۔
حسنات ۔ جمع حسنت، نیکیاں خوبیاں بھلائیاں۔
لسنات ۔ زیرک گفتہ والے صوت گھنے والے
اعنات ۔ اپنے آپکو مشکل میں ڈالنا۔
قنات ۔ نیزہ، استخوان مہرہ پشت آبگینہ کا پردہ، جوئے آب
سکنات ۔ سکون، مقامات مقام قیام
منات ۔ مکہ معظمہ کے ایک بت کا نام
سومنات ۔ نام بتخانہ گجرات میں
میمنات ۔ یمن والی چیزیں، برکت والی چیزیں۔
مخزونات ۔ پوشیدہ چیزیں، چھپی ہوئی چیزیں
مکونات ۔ مخلوقات عالم کون کی پیدائشیں۔

وات

کائنات ۔ موجودات، دنیا میں ہر قسم کی پیدائش
مقتنیات ۔ سرمایہ، اسباب دنیاوی جائداد، سامان۔
تعینات ۔ تشخصات، خصوصیات
تعینات ۔ جمع تعین، متعین چیزیں مقرر چیزیں۔
مداوات ۔ دوا کرنا، علاج کرنا، بیمار کا علاج
مساوات ۔ برابری کرنا، ہمدوشی کرنا برابر ہونا
سماوات ۔ جمع سما، آسمانیں
اخوات ۔ جمع اخت، ہمشیرہ، بہنیں۔
دوات ۔ لکھنے کی سیاہی کا ظرف
ادوات ۔ اسباب ہا، اسباب جنگ
ذوات ۔ جمع ذات، بہت سی ذاتیں
رواۃ ۔ جمع راوی، روایت کرنے والے، بیان کرنے والے۔
غزوات ۔ جمع غزا، کفار کے ساتھ لڑائیاں
مسوات ۔ وہ چوبی جس سے زمیندار زمین درست کرتے ہیں
شوات ۔ سرخاب، نیل مرغ

یات

بیات ۔ [illegible]
[illegible]
ابیات ۔ ع جمع بیت، بہت سے گھر، مکان، شعر۔
تحیات ۔ ع دعائیں، خصلتیں، خوشیں۔
حیات ۔ ع زندگی، جینا۔
حیّات ۔ ع جمع حی، بہت سے سانپ، لشکر کے کیڑے
آب حیات ۔ ف زندگی کا پانی جس پانی پینے سے مردہ زندہ ہو جائے
عین الحیات ۔ ع آب حیات کا چشمہ، چشمۂ آب حیوان
ماء الحیات ۔ ع آب حیات، زندہ کرنے والا پانی
بعیش حیات ۔ ع اچھی طرح زندگی کرنا، آسائش سے رہنا۔
محتجبات ۔ ع زنان پردہ نشین، ستر دار عورتیں۔
شطحیات ۔ ع مستی کی باتیں، خلاف شرع لفظ۔

یات

محییات ۔ ع جو لوگ جلائے گئے ہوں، زندہ شدہ کردہ
عطریات ۔ ع خوشبوئیاں، اچھی ہوا، دلپسند ہوائیں۔
لوزیات ۔ ع حلوائے بادام، مغز۔ [illegible]
سیّئات ۔ ع جمع سیّئہ، بہت گناہ، جرم، قصور۔
راسیات ۔ ع جمع راسیہ، اونچی پہاڑی، مضبوط مقام، بلند عمارتیں۔
جبال الراسیات ۔ ع اونچے اور مضبوط پہاڑ، علاقہ کوہی
عطیات ۔ ع جمع عطیہ، مہربانیاں، بخششیں، عطائیں۔
مدّعیات ۔ ع جمع مدّعا، مطالب، مرادیں
متمنّیات ۔ ع آرزوئیں، خواہشیں، مرادیں۔
خفیات ۔ ع جمع خفیہ، چھپی ہوئی چیزیں، راز ہا۔
بلیّات ۔ ع جمع بلیہ، بلا، بہت سے رنج، سختیں، تکلیف ہا

دبت	ابت
نوابت ۔ اگنے والی چیزیں۔ یعنی درخت و سبزہ وغیرہ	اصابت ۔ صواب پانا۔ ٹھیک حاصل کرنا۔ سچائی۔
مہابت ۔ ہیبت۔ بیم۔ ترس۔ شکوہ۔ شان۔ رعب	استطابت ۔ پاکی مانگنا۔ خوشی چاہنا۔ خوشبو کرنا۔
غیابت ۔ غائب ہونا۔ چھپانے والی چیز۔ پوشیدہ کرنیوالی چیز	دعابت ۔ مزاح۔ ظرافت۔ خوش مزاجی۔
نیابت ۔ نائب ہونا۔ قایم مقام ہونا۔ مختار ہونا۔	رقابت ۔ انتظار۔ نگہبانی۔ پاسبانی
تبت ۔ کشمیر کے شمال کی طرف ایک کوہی علاقہ	نقابت ۔ تعریف کرنا۔ اچھا گننا۔ پرکھ جاننا
معاتبت ۔ جھڑکنا۔ عتاب کرنا۔ غضب کرنا	نکابت ۔ دھوکہ دینا۔ ہیچ ہو جانا۔
مکاتبت ۔ لکھنا۔ تحریر کرنا۔	صلابت ۔ سختی۔ محکمی۔ مضبوطی۔ استواری۔ خوبی۔
مثبت ۔ لکھا ہوا۔ ثابت کیا ہوا۔ جو نفی نہو	نابت ۔ روئیدہ۔ روئندہ۔ اگنے والا۔ اگنے والا۔
مثبت ۔ برقرار کیا گیا۔ پائیدار رکھا گیا۔ ثابت۔ درست	انابت ۔ نائب ہونا۔ قائم مقام ہونا۔ جانشین ہونا۔
جبت ۔ وہ چیزیں جو پوجی جاویں	انابت ۔ توبہ کرنا۔ دعا مانگنا۔ متوجہ کرنا۔ عاجزی کرنا
صحبت ۔ ہمنشینی۔ ہم صحبتی	جنابت ۔ دوری۔ حالت غسل۔ پلیدی
محبت ۔ پیار کرنا۔ دوست سمجھنا۔ الفت۔ پیار۔	ثوابت ۔ (جمع ثابت) ستارگان غیر متحرک
ندبت ۔ ماتم کرنا۔ نوحہ کرنا۔ رونا۔ چلانا	

بت	ربت
نسبت ۔ وہ لگاؤ، سروکار، پیوند، پیوند رکھنا	مشاربت ۔ آپس میں مل کر پانی یا شراب پینا
خطبت ۔ وہ کلام جو خاطب نکاح کے وقت کہے۔	مضاربت ۔ تجارت میں شریک ہونا نفع پر مال کسی کو دینا
مواظبت ۔ ایک کام پر ہمیشہ جما ضبط رکھنا	مقاربت ۔ نزدیکی ۔ رشتہ داری نسبت آبائی وجدی
مداعبت ۔ کھیل، بازی، خوش طبعی عیش و عشرت	تربت ۔ خاک، گل، گور، قبر
ملاعبت ۔ کھیلنا، بازی کرنا، نسبت بازی گر	شربت ۔ ایک مرتبہ پینے کا پانی یا شراب وغیرہ
مراغبت ۔ رغبت کرنا، توجہ کرنا، چاہنا	غربت ۔ مسافری، بے وطنی، مفلسی ناداری، بیکسی۔
رغبت ۔ خواہش، چاہ، میلان خاطر توجہ دل۔	قربت ۔ نزدیکی، پاس پاس ہونا رشتہ دار ہونا
مراقبت ۔ امید، نگہبانی، پاسبانی حفاظت	کربت ۔ غم، اندوہ، اندیشہ، مفلسی ناداری
عاقبت ۔ آخر، انجام، خاتمہ	سبت ۔ ہفتے کا دن ۔ شنبہ، سنیچر کا دن
معاقبت ۔ عذاب کرنا، پیچھے میں رکھنا پیچھا کرنا	اصحاب السبت ۔ قوم ہوئے جن کو ہفتے کے روز شکار منع تھا نافرمانی کرنے سے بندر ہو گئے
منقبت ۔ مدح، تعریف اہل بیت و بزرگان دین	مناسبت ۔ باہم نسبت رکھنا پیوند رکھنا۔
کبت ۔ خوار کرنا، ہلاک کرنا، بے کسی، ذلیل کرنا	
نکبت ۔ خواری، رنج، نحوست، مفلسی ناداری	

عبت

مَبَت ۔ ع عار۔ ننگ۔ بیشرمی۔ بےحمیتی

نَبت ۔ ع گھاس۔ سبزہ

مُجانَبت ۔ ع ایک طرف ہونا۔ ایک طرف سے غرض رکھنا۔

مَنبَت ۔ ع جائے روئیدگی سبزے کے اُگنے کی جگہ۔

مُنَبَّت ۔ ع اُگایا گیا۔ نقش جو اپنی زمین سے بلند ہو۔

غَیبُوبت ۔ ع چھپ جانا۔ مفارقت۔ جدائی۔ علیحدگی۔

مَثُوبَت ۔ ع جزائے نیکی۔ ثواب۔

حُوبَت ۔ ع گناہ کرنا۔ قصوروار ہونا۔ عاصی بننا۔

عُذُوبَت ۔ ع شیرینی۔ لذت۔ مٹھائی۔ میٹھا مزہ۔

رُطُوبَت ۔ ع تری۔ تازگی۔ سرسبزی۔ رونق

صُعُوبَت ۔ ع دشواری۔ سختی۔ رنج مصیبت۔ آفت۔

نَکُوبَت ۔ ع نحوست۔ دشواری۔ سختی۔ بدنصیبی۔ خواری

عُقُوبَت ۔ ع رنج۔ تکلیف۔ عذاب۔ دکھ

مَوہِبَت ۔ ع بخشش کرنا۔ ہبہ کرنا

اثت

نَوبَت ۔ ع وقت۔ مرتبہ۔ نقارہ۔ خیمہ۔ پاس۔ محافظت۔

پنج نوبت ۔ ف پانچ وقت کا نقارہ پانچ باجے

شُہُوبَت ۔ ع رنگ سرخ جو مائل بزردی و سفیدی ہو۔

اَہبَت ۔ ع سامان۔ یراق۔ اسباب سامان متعلقہ اسپ۔

خَیبَت ۔ ع ناامیدی۔ مایوس ہونا۔

رِیبَت ۔ ع گمان کرنا۔ شک کرنا۔ شک ڈالنے والی چیز

ضَرِیبَت ۔ ع خوئے طبیعت۔ عادت۔ خصلت۔

شَیبَت ۔ ع پیری۔ ضعیفی۔ پچاس برس کی عمر سے زیادہ۔

مُصِیبَت ۔ ع سختی۔ دکھ۔ تکلیف۔ رنج آزار۔

غِیبَت ۔ ع کسی کے پیچھے برا کہنا۔

جَنِیبَت ۔ ع کوتل گھوڑا۔ بےسوار گھوڑا

ہَیبَت ۔ ع خوف۔ رعب۔ زبردست ڈر

اِندرپَت ۔ ع نام قدیم شہر دہلی کا

اِماتَت ۔ ع مارنا۔ قتل کرنا

دت	ادت
زِیَادَت۔ ع۔ افزونی۔ زیادتی۔ پہلے حال سے بڑھ جانا۔	مُضَادَّت۔ ع۔ ضد کرنا۔ دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا
سِیَادَت۔ ع۔ سرداری۔ نسبت آبائی جو سید سے ہے۔	عَادَت۔ ع۔ بان کرنا۔ خصلت۔ خو
عِیَادَت۔ ع۔ بیمار پرسی۔ بیمار کو پوچھنے کو جانا۔	خرقِ عَادَت۔ ع۔ معجزہ۔ کرامت۔ خلاف قیاس ظہور
جِدَّت۔ ع۔ نیا ہونا۔ تازہ ہونا۔ ظہور پانا کسی چیز کا	اِعَادَت۔ ع۔ دوبارہ کرنا۔ بار بار کرنا۔
نَجدَت۔ ع۔ شجاعت۔ دلیری۔ جوانمردی بہادری۔ دلاوری۔	اِستِعَادَت۔ ع۔ واپس آنا۔ پھر آنے کے لئے خواہش کرنا۔
عدت۔ ع۔ تنہائی۔ گوشہ نشینی۔ اکیلا بیٹھنا	سَعَادَت۔ ع۔ نیکی۔ خوبی۔ سعید ہونا اچھا ہونا۔
حِدَّت۔ ع۔ تیزی۔ تندی ذائقہ یا غصہ	حَفَادَت۔ ع۔ حال پوچھنا۔ مہربانی کرنا متوجہ ہونا۔
وَحدَت۔ ع۔ یکتا ہونا۔ ایک ہونا۔ منفرد ہونا۔ خدا کو ایک جاننا۔	سَفَادَت۔ ع۔ ایلچی ہونا۔ پیغمبر ہونا۔ پیام رساں ہونا۔
شِدَّت۔ ع۔ سختی۔ تیزی۔ ظلم و زبردستی	جَلَادَت۔ ع۔ چستی۔ چالاکی۔ دلیری۔ بہادری۔ مردانگی۔
نِشدَت۔ ع۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا	وِلَادَت۔ ع۔ زائیدن۔ جننا۔ بچہ کا پیدا ہونا
مُسَاعَدَت۔ ع۔ یار ہونا۔ یاری ہونا۔ مدد دینا۔ مدد کرنا۔	زَہَادَت۔ ع۔ پرہیزگاری۔ خدا پرستی کی طرف رغبت کرنا۔
عُدَّت۔ ع۔ تیاری۔ [illegible]	شَہَادَت۔ ع۔ گواہی دینا۔ شہید ہونا۔ خدا کی راہ میں مارا جانا۔
عِدَّت۔ ع۔ گنتی۔ [illegible] شوہر [illegible] بیٹھنا	

ارت

خَسَارَت۔ ع نقصان۔ زیان

یَسَارَت ع تونگری۔ دولت۔ فراوانی آرام بے فکری

اِشَارَت۔ ع حکم۔ اجازت۔ اشارہ

بَشَارَت۔ ع خبر خوش۔ اچھی خبر جس کے سننے سے انسان کے بشرے یا چہرے پر تازگی آئے

بَصَارَت۔ ع عقل۔ دانائی بینائی۔ نظر

قَصَارَت۔ ع کپڑا دھونا۔ گاذری کرنا دھوبی ہونا۔

نَضَارَت۔ ع رونق۔ تازگی۔ آبادی سرسبزی۔ خوبی۔

اِطَارَت۔ ع اڑانا۔

نَظَارَت۔ ع نظر کرنا۔ دیکھنا۔ دیکھنے دینا

اِسْتِعَارَت۔ ع مانگ لینا۔ مانگ کر چیز لینا۔ مثال دینا۔

غَارَت۔ ع لوٹنا۔ لوٹ کا مال

سَفَارَت۔ ع رسالت پیغام بری ایلچی ہونا

کَفَارَت۔ ع بدلہ گناہوں کا

حَقَارَت۔ ع بے عزتی۔ ہتک عزت بے آبرو کرنا۔

بَکَارَت۔ ع دوشیزگی۔ کنواری صورت ہونا

ترت

اِمَارَت۔ ع حکومت کرنا۔ امر کرنا۔ امیری کرنا۔

اَمَارَت۔ ع نشان۔ علامت۔

دَارُالْاِمَارَت۔ ع تخت گاہ۔ کا شہر۔ حاکم کے رہنے کا شہر

عِمَارَت۔ ع آبادی۔ مکان کی درستی۔ مکان

اِنَارَت۔ ع روشن کرنا۔ جلا دینا۔ صفائی دینا

اِسْتِنَارَت۔ ع نور لینا۔ روشنی لینا۔ ظاہر ہونا۔

طَہَارَت۔ ع پاک ہونا۔ پلیدی سے نکل غسل یا وضو کرنا۔

مَہَارَت۔ ع استادی۔ لیاقت۔ اصل تجربہ

زِیَارَت۔ ع دیکھنا کسی بزرگ کو

مُصَابَرَت۔ ع صبر کرنا۔ ٹھہرے رہنا سختی میں بیقرار نہ ہونا

خُبْرَت۔ ع ایک حصہ گوشت کا۔ کسی چیز کی ماہیت جاننا۔

خِبْرَت۔ ع دانش۔ آزمائش۔ عقلمندی امتحان۔

عِبْرَت۔ ع عبور کرنا۔ اندیشہ کرنا۔ نصیحت کرنا

عِتْرَت۔ ع خویشان نزدیک۔ فرزندان

ترت

فترت - وہ سستی ضعف۔ وہ زمانہ جو دو پیغمبروں کے بیچ میں ہو۔

عثرت - لغزش۔ سر پڑنا۔ پھسل پڑنا

کثرت - بہت ہونا۔ زیادہ ہونا۔ زیادتی بسیاری

اُجرت - اجرہ۔ مزدوری۔ عوض

ہاجرت - ظہر کا وقت۔ دوپہر سے عصر کا وقت

مُہاجرت - جدائی۔ علیحدگی۔ ہجرت

ضجرت - تنگدلی۔ بے آرامی۔ مرض بیماری۔ غم۔ اندوہ

ہجرت - چھوڑنا وطن کو خویشوں سے جدا ہونا۔ مکہ کا چھوڑ کر مدینہ کو جانا جس سے سال شروع ہوتا ہے۔

مُفاخرت - فخر کرنا۔ تکبر و غرور کرنا۔ بڑائی کرنا۔

سُخرت - مسخری۔ استہزا۔ ہنسی کی بات

خُرت - سوراخ سوزن

آخرت - اخیر۔ تمامی

دارالآخرت - قیامت کا دن۔ حشر

مُبادرت - دلیری کرنا۔ شتابی کرنا۔ جلدی کرنا

ضرت

مُغادرت - بیوفائی کرنا۔ دغا کرنا۔ کسی

مقدرت - طاقت۔ قوت۔ قادر ہونا۔ توانا ہونا۔

مقدرت - قدرت۔ توانائی۔ مقدار

خدرت - تنہائی۔ کمی۔ عیب دنا دہونا

معذرت - عذر کرنا۔ بہانہ کرنا

موازرت - وزیری کرنا۔ بادشاہ کا وزیر ہونا۔

حسرت - افسوس۔ پشیمانی۔

عسرت - دشواری۔ تنگی۔ بیدولتی۔ فاقہ

مسرت - خوشی۔ خوشنودی

شرت - بدی کرنا۔ بد ہونا۔ فساد کرنا۔ خرابی کرنا۔

مباشرت - جماع کرنا۔ مشغول ہونا۔ خرابی کرنا۔

معاشرت - باہم زندگانی کرنا۔ گذارا کرنا

عشرت - خوشدلی۔ خرمی۔ زندگانی۔ فرحت۔ آرام۔

نصرت - یاری۔ مدد۔ فتح

حضرت - نزدیکی۔ حضور۔ بزرگوں کی نسبت ایک تعظیم کا کلمہ

یرت	ضرت
سمرت - گندم گون ہونا - سبز رنگ ہونا	عالی حضرت - بلند مرتبہ بڑے لیاقت بڑا امیر
مجاورت - ہمسایہ ہونا - پاس پاس ہونا	خضرت - سبزی - سبزہ زار
محاورت - جواب دینا - آپس میں بات کرنا	فطرت - آفرینش - دانائی - صدقہ فطر
مشاورت - مشورہ کرنا	فرت - شتابی - جلد - تیزی
کدورت - میلا پن - تاریکی - گرد و غبار	مسافرت - سفر کرنا - ساتھ چلنا مسافر بننا
ضرورت - حاجت - احتیاج - بیچارگی خواہشمندی	منافرت - حاکم کے پاس جانا اثبات حسب رتبہ کے لئے
صیرورت - ہونا - شدن	صفرت - زردی رنگ کی
سورت - تیزی - تندی - ظلم - خشم - غصہ	مغفرت - بخشش کرنا - گناہ بخشنا
سورت - قرآن کا ایک جزو - ہند میں ایک شہر	نفرت - رمیدگی - دوری چاہنا ناپسند کرنا
صورت - شکل ظاہری ہر ایک چیز اور شخص کی	شقرت - رنگ زردی مائل بسرخی
عورت - شرمگاہ - رخنہ صف لشکر دشواری - زن	وقرت - پتھر میں گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے
قورت - پنیر جغرات خشک	کرت - نوبت - بار - مرتبہ
مصاہرت - داماد بنانا - خسر بنانا نسبت ازدواجی پیدا کرنا	فکرت - اندیشہ کرنا - فکر کرنا - غور کرنا جانچنا
حیرت - منزل - مقام - قیام کرنے کی جگہ	ثرت مرت - زیر و زبر - نیچے اوپر - زمین آسمان
حیرت - حیرانی - حیران رہ جانا - ایک حال پر رہ جانا	مؤامرت - مشورہ کرنا - تجویز کرنا صلاح کرنا

است

بازخواست ـ ف طلب ـ جستجو ـ مواخذہ ـ پھر لینا۔

بےخواست ف بے تلاش ـ بے فکر ـ بے سوال چیز

درخواست ف خواہش کرنا ـ رغبت کرنا

روزِ بازخواست ف قیامت کا دن ـ حساب لینے کا روز

ناخواست ـ ف بے طلب ـ بے تلاش ـ بے سوال چیز

واخواست ف محاسبہ ـ مطالبہ ـ مانگنا ـ سوال کرنا

ریاست ع سرداری ـ حکومت ـ فرمانروائی ـ حرمت ـ افتخار ـ رئیس یا حاکم کا ملک

سیاست ع ڈرانا ـ دھمکانا ـ حکمرانی ـ رعب و قہر کرنا

کیاست ـ ع زیرکی ـ دانائی ـ عقلمندی ـ ہوشیاری ـ اہل قیاس ہونا

بُست ـ ف شہر در ایران ـ نام وقت مخصوص بعد را

بست ـ ف بیست ـ بیس ـ عشرین

بست ـ ف بستن سے ماضی ـ باندھا

[illegible]بست ف قاعدہ ـ قانون ـ دستور ـ رواج ـ طریق

جست

پابست ـ ف بنیاد عمارت ـ محکم ـ پابزنجیر ـ مقید

خاربست ـ کانٹوں کی باڑ جو کھیتی وغیرہ پر باندھتے ہیں۔

داربست ـ ف معماروں کے بیٹھنے کا گھر اور چھت انگور کی

دروبست ـ ف تمام ـ کمال ـ نہ کم نہ زیادہ ـ پورا۔

رنگ بست ـ ف پکا اور پائدار رنگ ـ قائم رنگ۔

سنگ بست ـ ف محکم ـ پائدار ـ استوار دیوار ـ عمارت

گنج دیواربست ـ ف بڑا خزانہ ـ بھاری گنجینہ۔

نےبست ف چھپر ـ جھونپڑا وغیرہ جو سرکنڈے سے بنا ہو۔

ملابست ـ ع دوسرے کے لباس میں آنا ـ مشابہت کرنا ـ مانند ہونا۔

پست ـ ف وہ چیز جو نیچے ہو ـ نیچ

جَست ف جستن سے ماضی ـ کودا

جُست ف جستن سے ماضی ـ ڈھونڈھا ـ تلاش کیا

ست

سُسْت۔ ف کاہل۔ بیکار۔ درماندہ۔ نالایق

شَشْت۔ ف شصت۔ ساٹھ۔ شیر حجام

حلقۂ زلف۔ نار کنڈی مچھلی کی مضراب۔ انگشت

شُست۔ ف شستن کی ماضی۔ دھویا

نِشَسْت۔ ف نشستن کی ماضی۔ بیٹھنا بیٹھا۔

برنشست۔ ف سوار ہوا کسی پر بیٹھ

گُسِسْت۔ ف انقطاع۔ قطع کرنا کسی ملاقات سے

بَرْغَسْت۔ و ایک قسم کی سبزی۔ جوئے آب پانی کی نہر۔

اَلَسْت۔ و آیا نہیں ہوں میں۔ خطاب کا لفظ

مُجالَسَت۔ و ہم نشینی۔ ہم صحبتی۔ ہم مجلسی یکجائی۔

مُسْت۔ و غم۔ اندوہ۔ اندیشہ۔ گلا گریباں وغیرہ کا۔

مَسْت۔ ف بیہوش۔ بیخود۔ دیوانہ۔ نشہ میں

بَدمَسْت۔ ف متوالا۔ بیخود۔ سرمست

سَرمَسْت۔ ف متوالا۔ بیہوش۔ بیخود۔ شرابی

سُرمہ مَسْت۔ ف وہ سرمہ جو عشق لگاتے ہیں

نیم مَسْت۔ ف بیہوش۔ بیخود۔ بشوق سُکی آنکھیں۔

یست

مُلامَسَت۔ و لمس کرنا۔ بدن سے بدن ملانا جماع کرنا۔

مُجانَسَت۔ و ہم جنس ہونا۔ ہم نسبت ہونا یکذات ہونا۔

مُؤانَسَت۔ و آپس میں انس کرنا۔ صحبت رکھنا۔ ہمنشینی کرنا

عُبُوسَت۔ و ترشروئی۔ بدمزاجی۔ برائی بدباطنی

یُبُوسَت۔ و خشکی جو بدن میں پیدا ہو

پوسْت۔ ف چمڑا جو مغز کے اوپر ہو۔ حیوان کے بدن کی جلد۔

نُحُوسَت۔ و بدنصیب ہونا۔ نحس ہونا۔ خراب و ابتر ہونا۔

خُوسْت۔ ف کوفتہ۔ مالیدہ۔ درماندہ۔ خراب حالت میں۔

دُوسْت۔ ف پیارا۔ مہربان۔ یار۔ جس کے ساتھ محبت ہو۔

فَرُوسَت۔ سواری۔ شناخت اسپ

کُوسْت۔ ف صدمہ۔ ضرب۔ دھکا

بایَسْت۔ ف حاجت دینا۔ آرزومند۔ احتیاج چاہئے۔

یست

زیست ف زندگی ۔ حیات ۔ زندہ رہنا ۔

نیست ف معدوم ۔ فانی ۔ نہیں ہے ایک انکاری کلمہ

دویست ف دو صد ۔ دو سو ۔ دو سَو

انگاشت ف چہرہ پر پڑا ہوا دمی بجاے اونٹ

داشت ف داشتن کی ماضی ۔ رکھا

برداشت ف اٹھایا ۔ اٹھانا ۔ شدہ ۔ تحمل ۔

چشمداشت ف امید ۔ توقع ۔ آرزو ۔ انتظار ۔

ناداشت ف نادار ۔ مفلس ۔ محتاج

نگاہداشت ف حفاظت ۔ نگہبانی کرنا

یادداشت ف یاد رکھنے کا کاغذ ۔ فہرست

گذاشت ف گذاشتن کی ماضی ۔ چھوڑنا

درگذاشت ف چھوڑنا ۔ معاف کرنا

بشاشت ع کشادہ روئی ۔ خوش طبعی ۔ خوش مزاجی ۔

کاشت ف کاشتن کی ماضی ۔ بویا ۔ کھیتی کرنا ۔ تخم بونا ۔

پشت ف پیٹھ ۔ حمایت ۔ تقویت ۔ زور ۔ اطمینان

شت

آزردہ پشت ف کوزپشت ۔ ٹیڑھی پیٹھ والا آدمی

خارپشت ف جانور خاردار ۔ سیہی

سنگ پشت ف جانور آبی ۔ باخہ کچھوا ۔ کشف ۔

کوزپشت ف کبڑا آدمی ۔ پیٹھ ٹیڑھی والا آدمی ۔

لاک پشت ف کچھوا ۔ باخہ ۔ پہاڑ کی پیٹھ والا ۔

درشت گفت ف خصومت آمیز باتیں ۔ عتاب ۔ کلام غضب

ہم پشت ف ہم جد ۔ ہم نسب ۔ ایک باپ کی اولاد

تشت ف طشت ۔ رکاب ۔ بڑا برتن

چشت ف خراسان کا ایک قصبہ

وحشت ع وحشی ہونا ۔ دیوانہ ہونا

خشت ف اینٹ ۔ چھوٹا نیزہ

شیرخشت ف شیرخشک ۔ ایک شیریں مسہل دوا ۔

دشت ف جنگل ۔ صحرا ۔ بیابان

درشت ف بد زبان ۔ ناکارہ ۔ بدنہاد ۔ نالایق

وشت

زرتُشت ف نام پیشوائے آتش پرستاں جو شاگرد فیثاغورث تھا

مَرْوُشت ع ایک شہر یا مقام کا نام

گُذَشْت ف گذرا۔ گذشتن کی ماضی۔ برباد۔ گذرگاہ۔ بداشت

سَرگُذَشْت ف گذرا ہوا حال۔ ماضی کا حال

خارِشْت ف کھجلی۔ ایک قسم کی بیماری

دُرُشْت ف سخت۔ نہایت۔ دشوار۔ مشکل

سِرِشْت ف خمیر۔ طبیعت۔ آمیختگی۔ طینت۔ اصلیت۔

زِشْت ف خراب۔ بدشکل۔ مکروہ

طَشْت ف تشت۔ رکاب۔ کشادہ برتن

کُشْت ف کشتن کی ماضی۔ مارا۔ قتل کیا

کِشْت ف زراعت۔ کھیتی۔ کشتن کی ماضی۔ بویا

پنج کُشْت ف سنبھالو۔ ایک نبات جو دوا میں مستعمل ہے

گَشْت ف گشتن کی ماضی۔ پھرا۔ پھیرا۔ دورہ کرنا۔ سیر کرنا۔ پھرنا

بَتُول ع قاطع علائق دنیا۔ تارک۔ کنواری لڑکی خطاب بی بی فاطمہ دختر جناب پیغمبر

مَفتُول ع فتیلہ کیا گیا۔ تار بافتہ۔ تار پیچیدہ سوت کا تا ہوا

مَقتُول ع قتل کیا ہوا۔ مارا ہوا شخص

مَجھُول ع ناشناختہ۔ حیران پریشان۔ دربدر۔ خراب

حَول ع کج بین ہونا۔ بھینگا آدمی۔ بازگشت قوت۔ توانائی

خول

تَحَوُّل ع پھرنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ بازگشت کرنا

تَحوِیل بازگشت کرنا۔ پھرنا۔ رجوع لانا۔ قوت و توانائی۔ گرد پھرنا

لَاحَول ع نہیں قوت و بازگشت و مخفف لاحول ولا قوۃ الا باللہ

اَحوَل ع جو شخص ایک کو دو دیکھے۔ بھینگا آدمی۔

فُحُول ع (جمع فحل) بہت سے نر۔ بہت سے مرد۔

مُحَوَّل ع حوالہ کیا گیا۔ سپرد کیا گیا۔ تفویض کیا گیا۔

مُحَوِّل ع حوالہ کرنے والا۔ سپرد کرنے والا۔

مَکحُول ع سرمہ کیا ہوا۔ جس نے اپنی آنکھوں میں سرمہ لگایا ہو

نُحُول ع لاغر ہونا۔ گل جانا۔ گداختہ ہونا

مَنحُول ع کسی اور کا شعر جو اپنا کہہ کر پڑھا ہو

خَول ع دولت۔ لشکر وغیرہ اسباب و سامان امیری کا

حَول ع چھلکا ہوا اوپر کی جلد کا ہو۔

دَاخُول ع داخل۔ شاہی محل کا برآمدہ ہرنوں کے ہنکانے کے واسطے نشان

دُخُول ع گھسنا۔ اندر جانا۔ داخل ہونا

خول

مَدْخُول ع داخل کیا گیا۔ اندر رلایا گیا۔
شُخُول شَخِیل۔ شُخُل ع صفیر۔ بانگ فریاد۔ ناخن سے اکھاڑنا۔
دُوَل (جمع دولت) بہت سی دولتیں
دُوُل ع دلو آبکش۔ مکار۔ بھیا۔ تیر کشتی۔ کیسہ۔
جَدْوَل ع خطوط جو کتاب کے صفحے کے چاروں طرف کھینچے جاتے ہیں۔
عُدُول ع برگشتگی۔ روگردانی نافرمانی بغاوت۔
عُدُول ع گواہ معتبر۔ مقبول۔ راستگو عادل۔
مَبْذُول ع خرچ کیا گیا۔ تصرف میں لایا گیا
مَخْذُول ع شرمندہ۔ بے بہرہ۔ بے نصیب۔ رسوا۔ خوار
مَخْذُول ع خوار کیا گیا۔ خرابی میں ڈالا گیا
نُزُول ع اترنا کسی جگہ مقام پر ٹھہرنا
سَئُول ع بہت سوال کرنے والا سوالی
رَسُول ع بھیجا ہوا۔ پیغمبر صاحب کتاب قاصد۔ پیک جو کسی کا پیغام لے جائے
مُرْسُول ع بھیجا گیا۔

صول

مَغْسُول ع غسل دیا ہوا۔ دھویا ہوا۔ نہلانا
شُمُول ع اٹھا جانا۔ سیر و شکار کرنا کسی باغ یا جنگل میں۔
صُؤُول ع حملہ کرنا۔ دھاوا کرنا دشمن پر
اُصُول ع (جمع اصل) بیخیں۔ بنیادیں
رقص اُصُول ف قسم رقص۔ بارہ تال کا ناچ۔
حُصُول ع حاصل ہونا۔ ملنا۔ مطلب محصول کا
مَحْصُول ع حاصل کیا گیا۔ وصول کیا گیا جو کچھ وصول کیا جائے۔
فُصُول ع (جمع فصل) موسمیں۔ حصے ملکی پیلے۔ پردے
مَفْصُول ع فصل کیا گیا۔ جدا کیا گیا الگ کیا گیا۔
نُصُول ع (جمع نصل) بہت سے تیر برچھے
وُصُول ع ملنا۔ ہاتھ لگ جانا
مَوْصُول ع ملا ہوا پیوند کیا ہوا۔ جوڑا ہوا
فُضُول ع بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔ بزرگیاں (جمع فضل)
فَضُول ع زیادہ گو۔ جو شخص غیر ضروری کام کرے

قول

معقول ع پسندیدہ جسکو عقل مان لے

نامعقول ع نامناسب۔ خراب

مقول ع جائے گفتگو۔ زبان جس سے گفتگو کریں۔

نقول ع جمع نقل۔ نقلیں

منقول ع نقل کیا گیا جو ایک صورت سے اتارا گیا۔ نقل کیا گیا۔

کول ف تالاب۔ مغاک جس میں پانی بھرا ہو۔

کول ف پوستین۔ پوست میش۔ گودڑی پشمینہ۔ جل گل نیلوفر

اکول ع بہت کھانے والا جس کا پیٹ نہ بھرے۔

ماکول ع کھانے کی چیز۔ کھائی ہوئی چیز

کچکول ف فقیروں کا کاسہ۔ گدائی کی زنبیل۔

کشکول ف فقیروں کا کاسہ

نکول ع سوگند کھانے سے باز رہنا۔ بیدلی۔ اعراض۔

گول ف احمق۔ مکر و فریب۔ دغابازی

گول ت تالاب۔

ول

تنگول ف شوخ۔ خوبصورت۔ حسین معشوق۔ محبوب۔

گول ف بیحیائی۔ بیشرمی۔ بیحیا و بیشرم

حلول ع اختصاص ایک چیز کا دوسری کے ساتھ۔ داخل ہونا کسی چیز کا کسی میں

مخیول ع خیال کیا گیا۔ گمان کیا گیا

آتش محلول ف آب گرم۔ روغن گرم شراب۔ آبجوش۔

مدلول ع دلالت کیا گیا۔ اشارہ کیا گیا۔ راہ دکھایا گیا

مسلول ع کھینچا گیا۔ باہر نکالا گیا۔ سیف کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے

مشلول ع جس کے ہاتھ پیر رہ گئے ہوں۔ جو شخص شل ہو گیا ہو

معلول ع ضروری علتیں۔ جو شخص شل ہو گیا ہو۔

تعلول ز زود ہضم طعام جسکو بیمار ناتوان بھی ہضم کر لے

غلول ع خیانت کرنا غنیمت میں۔ آب رواں درختوں میں۔

مغلول ع طوق گردن میں ڈالا گیا۔ قید کیا گیا۔ باندھا گیا۔

لول

ثُولُول ع گوشت پارہ سیاہ جو بدن پہ ہوتا ہے۔

بُہلُول ع مرد خندہ رو۔ پیشوائے قوم ایک بزرگ ولی کا نام

اَیلُول ع رومی زبان میں مہینے کوار کا نام

مَطُول ع معشوق۔ نازنین۔ حرامزادہ ۔ درنگ۔ تاخیر

مَأمُول ع امید کیا گیا۔ طمع کیا گیا۔ آرزو کیا گیا۔

مُتَمَوِّل ع مالدار ہونا۔ دولتمند۔ غنی ہونا

مَشمُول ع احاطہ کیا گیا۔ شامل ہوا ہوا ہمراہ ہوا ہوا۔

مَحمُول ع وہ دوا جو پارچہ پر لگا کر دُبر یا قبل میں رکھیں۔

مَحمُول ع گمان کیا گیا۔ بار اُٹھایا گیا وہم کیا گیا۔

خُمُول ع گمنامی۔ افسردگی۔ ناشناسی ہونا دانی۔

شُمُول ع شامل ہونا۔ ہمراہ ہونا۔ اکٹھا ہونا ساتھ ہونا۔

مَعمُول ع عمل کیا گیا۔ عادت۔ روزمرہ

اہل

نَوَل ع عطا۔ بخشش۔ مہربانی۔ سخاوت۔

غُول ف منقار مرغاں۔ کوزہ۔ کوزہ کی ٹونٹی

زاغُول ت سلاح تیر۔ ایک مشہور ہتھیار۔

تِہُول ف ڈرانا۔ ڈرنا۔ گیند جس سے کھیلتے ہیں۔

جَہُول ع نادان۔ احمق۔ بے علم۔ بیوقوف۔

مَجہُول ع نہ جانا گیا بے عقل بیوقوف

ذُہُول ع غفلت۔ تغافل سہو و نسیان۔

کَہُول ع مرد دومو یعنی جس کے بال سیاہ و سفید ہوں

مَسئُول ع سوال کیا گیا۔ مانگا گیا طلب کیا گیا

خُیُول ع (جمع خیل) سواراں اسپاں سواری

سُیُول ع (جمع سیل) پانی کے بہاؤ۔

بَغَل ت آغوش۔ بغل۔

ہَل ع کلمہ استفہام آیا۔

بَل ع الا بلکہ خورد و بلیدان سے امر مقصود کینجارہ ... وغیرہ

اَہل ع سزاوار۔ انس پکڑنا۔ کدخدا ہونا گھر کے لوگ۔ صاحب۔ صاحبان

اہل

نااہل ف نالایق۔ بے مروت۔ نادان جو آدمی کے موافق نہو۔

تاہل ع نکاح کرنا۔ عیالدار ہونا۔

مستاہل ع سزاوار۔ لایق کیا گیا۔

متاہل ع عیالدار۔ وہ شخص جس کی شادی ہوچکی ہو۔

جاہل ع نادان بے علم۔ بیخبر

تجاہل ع جان بوجھ نادان بننا۔ احمق بننا۔

متجاہل ع جان بوجھکر بیخبر بننے والا

ذاہل ع غافل۔ کاہل سست آدمی

تساہل ع آسان کرنا مشکل بات کو۔

کاہل ع سست آدمی۔ میانہ دو کتف ستو۔

تکاہل ع اپنے آپکو سست بنانا۔

ماہل ف قاتل۔ مارنیوالا۔

مناہل ع (جمع منہل) بہت سے چشمے

بہل ف بہلیدان او ہشتن سے امر چھوڑ

اتہل ع تخم سرد کوہی۔ بادسیر

مستہل ع نیا چاند دیکھنے والا۔ ہلال کا دیکھنے والا

جہل ع نادانی۔ بیعلمی

ہہل

ابوجہل۔ بوجہل ع لقب عم رسول اللہ کا جو کافر تھا۔

ابولہب۔ بولہب ع لقب عم رسول اللہ کا جو کافر تھا۔

جہل ف چانیش

دہل ف نقارہ۔ شتری

ترہل ع نرم گوشت ہونا۔

سہل ع آسان۔ زمین نرم وہموار میدان۔

اسہل ع بہت آسان۔ نہایت آسان

مسہل ع آسان کرنے والا۔ دست لانیوالی دوا۔ جلاب

اشہل ع رنگ سیاہ زردی مائل انسان میش چشم۔

کہل ع مرد میانہ جو نہ پیر نہ جوان ہو مرد دومو یہ۔

مہلہل ع زہر دیا گیا۔ باریک کپڑا بنا ہوا

مہل ع آہستگی۔ توقف۔ مہلت۔ فرصت

مہل ع مس گداختہ۔ گلا یا ہوا تانبا

نہل ع گذار۔ نہ چھوڑ (ہلیدن سے نہی)

نہل

منہل ع چشمہ جو چراگاہ میں ہو۔ آب رواں بہتا ہوا پانی۔

یل ف پہلوان۔ شجاع۔ آزاد

یل ت راستہ۔ گزرگاہ

ایل ع سریانی زبان میں خدا تعالیٰ کا نام۔ ترکی زبان میں سال کو کہتے ہیں۔

ایل ت مردماں۔ قوم۔ گروہ

ایل ع گوزن۔ بزکوہی۔ پہاڑی گائے یا بکری

حبائل ع (جمع حبلیٰ) زنان حاملہ۔ (جمع حبالہ) رسن ہا۔ دام ہا۔

قبائل ع (جمع قبیلہ) جماعتیں۔ قومیں بہت سے گروہ۔ یک جدی لوگ۔

نبائل ع (جمع نبیلہ) بزرگاں۔ نیکوکاراں

حائل ع مانع۔ روکنے والا۔ بیچ کرنے والا

شمائل ع شمائم۔ عادت یا خصلت۔ باتیں

مخائل ع (جمع مخیلہ) جا ہائے خیال۔ آثار علامات۔

رذائل ع (جمع رذیلہ) ناکسی ہا۔ فرومائگی ہا۔

زائل ع دور ہونے والا۔ گم ہونے والا۔ محو ہونے والا۔

ایل

جزائل ع چیزہائے محکم۔ مضبوط۔ سخت چیزیں۔ (جمع جزیلہ)

سائل ع سوال کرنے والا۔ مانگنے والا۔ جاری ہونے والا۔

رسائل ع (جمع رسالہ) نامہ ہا۔ پیغامہا۔ ہم زبانان۔

مسائل ع (جمع مسئلہ) بہت سے مسئلے۔

خصائل ع (جمع خصال) بہت سی خصلتیں خوئیں

فضائل ع (جمع فضیلت) افزونیہا۔ ہنرہا۔ علم ہا۔

طائل ع فائدہ۔ نفع۔ سود۔

لاطائل ع بے فائدہ۔ بے سود جس میں نفع نہ ہو۔

عائل ع فقیر۔ درویش۔ مفلس۔ تنگدست

قائل ع قول یا اقرار کرنے والا۔ قیلولہ کرنے والا۔ دوپہر کو سونے والا۔

جلائل ع (جمع جلالہ) بزرگیاں۔ عظمتیں۔ بڑائیاں

مائل ع میل کرنے والا۔ رغبت کرنیوالا۔ توجہ کرنے والا۔

ایل

متمایل ع خواہشمند۔ آرزومند

حمایل ع دوال تلوار کی جو چیز گردن میں لٹکاتیں۔

شمایل ع شکل۔ تازہ شاخ درخت۔ عادتیں خصلتیں۔ (جمع شمال)

سائل ع دریافت کرنیوالا جستجو کرنیوالا۔

وائل ع نام قوم عرب۔ نام موضع جو عرب میں ہے۔

سحبان وائل ع سحبان بن وائل نام مرد فصیح و بلیغ عرب میں۔

اوائل ع (جمع اول) پہلے۔

غوائل ع (جمع غایلہ) سختیاں۔ برائیاں

بیل ف آلہ آہنی مٹی کھودنے کے واسطے۔ پھاوڑا

ابابیل ع (جمع ابالہ) گروہ مرغاں۔ قسم ابابیلان۔

قابیل ع آدم کا بیٹا جس نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا۔

ہابیل ع آدم کا بیٹا جس کو اسکے بھائی قابیل نے قتل کیا۔

زنجبیل ع سونٹھ۔ ایک مشہور چیز یا دوا

سبیل ع راستہ۔ آب شیرینی وقف

تیل

ابن السبیل ع راستہ چلنے والا مسافر۔ راہی

سلسبیل ع ایک چشمہ جو بہشت میں جاری رہتا ہے۔

خزعبیل ع ناحق۔ باطل۔ ناکارہ بات کذب۔ دروغ۔

قبیل ع بیشمار گروہ مردم۔ ہمراہی لوگوں کی جماعتیں۔

اقبیل ع (امالہ اقبال) اقبال

تقبیل ع بوسہ دینا۔ چومنا۔

نبیل ع بزرگ۔ دانا۔ نیکو۔ فربہ

زنبیل ع گدائی کرنے کا تھیلہ جس میں روٹی کے ٹکڑے جمع کرتے ہیں۔

پیل ف فیل۔ ہاتھی۔

آئینہ پیل ف لوہے کا توا صیقل کیا ہوا جو ہاتھی کے گستوان پر جنگ کے وقت زخم بچانے کے واسطے باندھتے ہیں

ژندہ پیل ف بڑا ہاتھی۔ لقب شیخ احمد جام کا

ترتیل ع قرآن پڑھنا باداے مخارج و صحت الفاظ

غلیل ع تشنہ۔ خشک لب۔ جو پانی کی خواہش رکھے۔ پیاسا۔

قتیل ع کشتہ۔ قتل کیا ہوا

ثیل

تمثیل ع روبرو ہونا۔ مثال دینا۔ تشبیہ دینا۔

تماثیل ع (جمع تمثیل) صورتیں، فرضی تصویریں۔ شکلیں۔

جیل ع گروہ آدمیوں کا۔ ہجوم لوگوں کا

تاجیل ع مہلت دینا۔ دیر۔ توقف میں ڈالنا۔

تبجیل ع عزت کرنا۔ تعظیم کرنا۔ مدارات سے پیش آنا۔

نارجیل ع ناریل۔ کھوپرا

سجیل ع کچا پتھر چونہ کا جسکو جلاکر عمارات میں لگاتے ہیں۔

عجیل ع جلدباز۔ تیز۔ تندخو آدمی

تعجیل ع جلدی کرنا کسی ضروری کام میں

انجیل ع کتاب جو عیسی علیہ السلام پر نازل ہوئی

حیل ع (جمع حیلہ) بہت سے حیلے مکر

لطائف الحیل ع حیلہ ہائے خوب خوبی ہا۔

مستحیل ع محال۔ ناممکن۔ حیلہ گر۔ مکار۔

رحیل ع کوچ کرنا۔ چل دینا۔

دیل

سحیل ع رشتہ۔ سوت کا تاگا

کحیل ع جسکی آنکھوں میں سرمہ کیا ہو

محیل ع حیلہ گر۔ مکار۔ فریبی آدمی

خیل ع گروہ۔ مردم۔ گلہ اسپاں و گاو ال بسیار۔ رمہ۔ اسپ۔

خاص خیل ع خاص جماعت تعلقداراں

سرخیل ف سردار۔ افسر۔ سرگروہ۔ سپہ سالار۔

بخیل ع کنجوس۔ جو بخل کرے۔

تخییل ع خیال میں لانا۔ متوجہ ہونا۔ دریافت کرنا۔

متخیل ع خیال کیا گیا۔

دخیل ع جو شخص کسی کے کام میں دخل رکھتا ہو

تنخیل ع نخول۔ نخل۔ صفیر۔ بانگ ناخن سے اکھاڑنا۔

مخیل ع خیال کیا گیا۔ دھیان کیا گیا

نخیل ع درخت خرما۔ درختہائے خرما (اسم جمع)

قنادیل ع (جمع قندیل) چراغ جلانیکے ظروف

بدیل ع بدلہ کسی چیز کا۔ نام حکیم خاقانی کا

تبدیل ع بدلنا۔ عوض معاوضہ کرنا۔

عدیل ع جو برابر در قدر و مرتبہ۔ ہم وزن۔ ہمتا

ذیل

تعدیل ع برابر کرنا۔ راست و درست کرنا ہم وزن کرنا

قندیل ع معرب کندیل۔ چراغ جلانے کا ظرف۔ تیر رکھنے کا ظرف۔

ذیل ع دامن

مندیل ف دستار

مخاذیل ع جمع مخذول۔ خوار کئے گئے

منادیل ع (جمع مندیل) دستار

رذیل ع ناکس۔ فرومایہ۔ خراب۔ پاجی۔ پریشان۔

عزازیل ع نام اصلی شیطان کا جب مردود ہوا تب ابلیس نام رکھا گیا۔

جزیل ع بزرگ۔ محکم۔ مضبوط۔ سخت۔

تعزیل ع برطرف کرنا۔ جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا

مزیل ع دور کرنے والا۔ زائل کرنے والا۔ کم کرنے والا۔

نزیل ع مہمان۔ جو اپنے گھر میں آ کر اترے

تنزیل ع اتارنا۔ قرآن مجید۔ نام ایک کتاب سلوک کا۔

سیل ع طغیانی پانی کی۔ دریا کا زور جو بہت سا آئے

صیل

رسیل ع ہمراہ۔ پیامبر۔ فرستادہ۔ ایلچی

ترسیل ع بھیجنا خط یا پیغام یا ایلچی کا

گسیل ف رفع کرنا۔ بھیجنا۔

مسیل ع چشمہ۔ پانی جاری ہونے کا مقام

اصیل ع رات کا وقت۔ صاحب اصل۔ صاحب نسب۔ شریف۔ نجیب۔ نیک اصل۔

تحصیل ع حاصل کرنا۔ پانا۔

فصیل ع دیوار قلعہ۔ حصار۔ شہر پناہ جس کا دودھ چھڑایا ہو۔

تفصیل ع جدا کرنا۔ بیان

قصیل ع غلہ سبز۔ خوید۔ جو گھوڑوں کو کھلاتے ہیں۔

فضیل ع نام ایک ولی کامل کا جن کے مرید سلطان ابراہیم ادہم تھے۔

تفضیل ع فضیلت دینا۔ بڑھانا

مستطیل ع جسم دراز جس کا طول عرض برابر نہ ہو۔

تعطیل ع معطل یا بیکار کرنا۔ بیکاری۔ آزادگی۔ رخصت۔

معیل ع مرد عیالدار جس کے گھر کے لوگ بہت ہوں۔

غیل

غیل ع جنگل۔ ویرانہ۔ نیستاں

غیل ع عورت کا دودھ جو بچہ پیتا ہے جب عورت حاملہ ہے اور دودھ خراب ہے

آب رواں۔ رود جو کوہ ابو القبیس کے نیچے جاری ہے

مغیل ع درخت ببول۔ کیکر۔

فیل ع ہاتھی۔ پیل۔ ایک مشہور جانور

داء الفیل ع نام بیماری کا جس میں پاؤں ساق تک سوج کر ہاتھی کے پاؤں کے برابر ہوتا ہے

افیل ع شتر جوان۔ جوان اونٹ

استافیل ع رومی زبان میں انگور کو کہتے ہیں

سرافیل / **اسرافیل** ع نام فرشتہ کا جو قیامت کے دن صور پھونکیگا۔

طفیل ع نام شاعر کوفی۔ وہ شخص جو ناخواندہ دعوت میں جاشے۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔

کفیل ع ذمہ دار۔ ضامن۔

تکفیل ع ضمانت دینا۔ ضامن ہونا کسی کا

قیل ع نام ایک جنگل کا۔ کلام۔ سخن۔ زبانی تقریر

قال و قیل ع گفتگو۔ بات چیت۔ آپس کی تقریر

ثقیل ع نام بیماری۔ بدہضمی۔ گراں

اصول ثقیل ع اصول یا تال موسیقی میں سے ایک اصل شرہ

یل

جرثقیل ع علم باربرداری جس کے ذریعہ سے ہزاروں من کا بوجھ بآسانی اٹھ سکتا ہے

عقیل ع مرد بزرگ۔ دانا۔ زانوبند شتر۔ نام پسر ابی طالب۔

مقیل ع دوپہر کو سونا۔ چاشت کو شراب پینا۔ قیلولہ۔

کیل ع پیمانہ۔ پیمانے سے ناپنے والا۔

اکیل ع ہمراہ کھانے والا۔ ہم کاسہ

شکیل ع رسن اسپ۔ مکر و فریب۔ دغا اور داؤ دینا۔

شکیل ع صاحب شکل۔ خوبصورت حسین آدمی

اشکیل ع وہ گھوڑا جس کا دہنا ہاتھ یا پاؤں سفید ہو۔ مکر۔ حیلہ۔ بہانہ

تشکیل ع شکل بنانا۔ صورت بنانا۔

مکیل ع ناپا گیا۔ پیمانہ سے وزن کیا ہوا

وکیل ع وہ آدمی جس پر کام چھوڑا جائے مختار۔ داروغہ۔ کارساز

توکیل ع وکیل کرنا۔ وکیل بنانا

گیل ف نام ملک جسکو گیلان کہتے ہیں

لیل ع رات۔ شب۔ شام سے صبح تک کا وقت

لیل

ثآلیل ع جمع ثولول، بہت سے سسّے جو بدن پر ہوتے ہیں۔

جلیل ع بزرگ۔ نام خدا تعالےٰ کا

جُلیل ف جُل۔ گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا

تحلیل ع حلال کرنا۔ فانی کرنا۔ نابود کرنا

خلیل ع سچا دوست۔ لقب ابراہیمؑ کا جو خلیل اللہ تھا۔

تخیلیل ع خیال کرنا۔ خیال میں ڈالنا وہم میں ڈالنا

دلیل ع رہبر۔ رہنما۔

ذلیل ع خوار۔ گنہگار۔ رام۔ مطیع۔ نرم آسان۔

تذلیل ع ذلیل کرنا۔ خوار کرنا۔ خراب کرنا

سلیل ع فرزند۔ بچہ۔ اولاد

شلیل ع شفتالو۔ ایک قسم کا میوہ۔ ایک قسم کا کپڑا۔

صلیل ع لوہے کی آواز۔ تلوار کی ضرب کی آواز۔

ضلیل ع گمراہ۔ فاسق۔ فاجر

تضلیل ع گمراہ کرنا۔ گمراہی

ظلیل ع سایہ والا

میل

ظلّ ظلیل ع سایہ دائمی۔ سایہ دراز۔ سایہ کامل۔ پناہ۔ حمایت

تظلیل ع سایہ ڈالنا کسی کے اوپر۔ سایہ کرنا

علیل ع بیمار جسکو بیماری ہو۔

تعلیل ع وجہ بیان کرنا۔ دلیل دلانا علت بیان کرنا

غلیل ع تشنگی۔ تشنہ۔ کینہ

قلیل ع کم۔ تھوڑا۔ تھوڑا استعداد

تقلیل ع کم کرنا۔ قلت میں لانا۔ گھٹانا کسی چیز کو۔

کلیل ع کُند۔ سست۔ ماندہ۔ گنگ بے زبان۔

اکلیل ف تاج۔ نام سترھویں منزل قمر کا

تہلیل ع لا الٰہ الا اللہ کہنا۔ ذکر نفی و اثبات کا کرنا۔

مَیل ع خواہش۔ توجہ۔ خمیدگی۔ ہلنا رغبت کرنا۔

مِیل ع سرمہ کرنیکا سرمچو۔ اندازہ مسافت گروہ یعنی ۴ ہزار قدم۔ پہلوانوں کا مگدر

جمیل ع خوبصورت۔ نیکو خو۔ نیکو رو نیک افعال۔

میل

تحمیل ع بوجھ لادنا۔ انبار کرنا کسی پر
ازمیل ع موچیوں کی رانپی چمڑا کاٹنے کا آلہ
تعمیل ع عمل دینا۔ عمل کرنا۔ کام دینا کام کرنا۔
تکمیل ع کامل کرنا۔ پورا کرنا۔ درست کرنا
نیل ع یافتن۔ پانا۔ مطلب۔ مقصود مراد
نیل ع نام دریا مصر میں۔
تیخقان نیل ف بارہ سالوں سے پہلے سال کا نام۔
سقائے نیل ف ابر۔ سحاب۔ بادل
ویل ع وائے کلمہ افسوس کلمۂ غم
تاویل ع بیان کرنا۔ ظاہر کرنا کسی عبارت کو ایک زبان سے دوسری زبان میں
سراویل ع پاجامہ۔ ایک مشہور کپڑا
تسویل ع آراستہ کرنا کچھ مانگنا۔ افترا سخن آرائی۔
طویل ع دراز۔ ایک لمبا بحر نظم کے بحور سے
عویل ع رونا آواز کے ساتھ۔ چلا کر رونا
تعویل ع اعتماد کرنا۔ اعتبار کرنا۔
تہویل ع خوف دلانا۔ ڈرانا۔ دھمکانا

ئیل

ہیل ع الاچی سفید قافلہ صغار چھوٹی الائچی۔
سہیل ع نام ستارہ کا جس کو اگستہ کہتے ہیں۔
تسہیل ع آسان کرنا کسی مشکل بات کا۔
صہیل ع آواز اسپ۔ گھوڑے کی آواز
عزرائیل ع نام فرشتہ قابض ارواح
اسرائیل ع نام یعقوب پیغمبرؑ بمعنی برگزیدہ۔
بنی اسرائیل ع حضرت یعقوبؑ کی اولاد
تیہ بنی اسرائیل ع ایک جنگل جہاں موسیٰؑ کا لشکر چالیس برس سرگرداں رہا
میکائیل ع نام فرشتہ جو رزق پر موکل ہے
ہلاہیل ع نام زہر قاتل۔ نام کوہ جہاں زہر پیدا ہوتا ہے۔
تنخاقوئیل ت اسال۔ ایک سال کا نام۔
توئی ئیل ت نام شہر۔ نام ایک سال کا

ام

م

اَمّ ع یا (حرف عطف) ف ہستم۔ ہوں
اُمّ ع مادر۔ ماں۔ والدہ
بام ف مکان بلند۔ مکان کا چھجہ۔
صبح کا وقت
آفتاب لب بام ف قریب المرگ آدمی
جو مرنے پر ہو
خورشید لب بام ف قریب المرگ نزع
کی حالت میں۔
گلبام ف قسم لحن موسیقی۔ راگ کی ایک
تال کا نام
تامّ ع تمام۔ کامل۔ پورا۔ پورا۔ بے عیب
بے نقصان۔
تیز بام ف تیر بے عیب۔ بہت اچھا تیر
اختتام ع ختم کرنا۔ پورا کرنا۔ تمام کرنا
اکتتام ع چھپانا۔ خضاب کرنا۔ رنگ کرنا
ختام ع مہر کرنا موم یا لاکھ سے۔ بند کرنا
ستام ف بلاق۔ ناک میں پہننے کا زیور
لگام۔

جام

قتام ع گرد و غبار۔ اندھیری۔ خاک کا
اڑنا۔
کتام ع چھپانا۔ پردہ ڈالنا۔
تمتام ع توتلا آدمی۔ جو زبان سے تقریر
ادا نکرے۔
ایتام ع (جمع یتیم) بہت سے بے پدر لڑکے
آثام ع (جمع اثم) بہت سے گناہ۔ خطائیں
التثام ع بوسہ دینا۔ چومنا (لثم سے)
جام ف پیالہ۔ خراسان کی ولایت میں
ایک پرگنہ کا نام
آجام ع (جمع اجم) انبوہ درختاں باغ وغیرہ
احتجام ع نشتر مارنا۔ فصد کرنا۔ خون
نکالنا۔
حجّام ع خون کھینچنے والا۔ پچھنے لگانیوالا
نائی۔ حجامت کرنے والا۔
فرجام ف انجام۔ انتہا۔ آخر۔ لائق
سزاوار۔
نافرجام ف بد انجام جس کا اخیر اچھا نہو
نیک فرجام ف نیک انجام جس کا
اخیر اچھا ہو۔
لجام ع دہانہ۔ لگام۔ گھوڑے کے منہ کا لگام

جام

انجام ع انتہا۔ اخیر ہر ایک چیز کی
رہ انجام ف اسپ تیز رفتار۔ قاصد تیز رو
سرانجام ف عاقبت۔ آخر ہر چیز کا سامان
حام ع نام پسر نوح علیہ السلام
اقتحام ع اختیار کرنا۔ ظلم کرنا۔ خوار رکھنا
بے آبرو کرنا۔ ڈالنا۔
احجام ع باز رکھنا۔ مرنے کے نزدیک پہونچنا
نزع کی حالت میں ہونا۔
ازدحام ع انبوہ کرنا۔ ہجوم کرنا۔
زخم سے،
ارحام ع جمع رحم، خویشیاں
رشتہ داریاں
زحام ع انبوہ۔ ہجوم۔ زحمت۔ بیماری
تکلیف۔
ازحام ع انبوہ کرنا۔ ہجوم کرنا۔ اجتماع
کرنا۔
افحام ع خاموش کرانا۔ چپ کرانا
خام ف کچا۔ چمڑا جس کو دباغت نہ ہو۔ خالص
شراب۔ مقطر۔ بے اصل۔
طمع خام ف امید بے فائدہ۔ امید ایسی
بات کی جو ممکن نہ ہو۔

دام

رخام ع سنگ سفید و نرم۔ سنگ مرمر
ارغام ع خوار کرنا۔ رسوا کرنا۔ خراب کرنا
ددام ف جالی جانور۔ ان صحرائی جو درندہ
نہوں۔ وزن اکیس ماشہ کا
بادام ف ایک قسم کا دام یا جالی شکاریوں کی
ادام ع نانخورش۔ سالن جو روٹی کے
ساتھ کھاتے ہیں
بادام ف مشہور میوہ۔ معشوق کی آنکھ
شیشہ بادام ف معشوق کی آنکھ
مغز بادام ف بادام کا مغز
مادام ع تا وقتیکہ۔ جب تک کہ۔ ہمیشہ
مستدام ع ہمیشہ۔ ہمیشگی چاہنے والا۔
کلام مستدام ع قرآن شریف۔ کلام قدیم
خدام ع جمع خادم۔ بہت سے خادم
یا خدمتگزار اور غلام۔
اعدام ع نابود کرنا۔ فنا کرنا۔ نیست کرنا
انعدام ع نابود ہونا۔ گم ہونا۔ فنا
ہونا۔ مرجانا۔
قدام ع ہمیشگی۔ کہنہ پن۔ پرانا ہونا۔
قدام ع آگے چلنے والا۔ آگے نکل جانیوالا
قدام ع آگے۔ سامنے۔ روبرو

دام

اِقْدَام ع ارادہ کرنا۔ آگے چلنا پیشرو ہونا
اَقْدَام ع جمع قدم، بہت سے پاؤں۔ پایا
اِسْتِقْدَام ع استقبال کرنا۔ پیش آنا
آگے آنا۔
مِقْدَام ع بہادری۔ شجاع۔ پہلوان
جوانمرد۔ دلاور آدمی
مُدَام ع ہمیشہ۔ ہمیشہ رکھا گیا شراب
اَنْدَام ف عضو۔ انسان کا تمام بدن
شیر اندام ف وہ شخص جس کا سینہ فراخ
اور کمر باریک ہو۔ بہادر۔ پہلوان
گل اندام ف خوبصورت حسین آدمی
ہفت اندام ف سات عضو ظاہری یعنی سر، سینہ
وو دست وو پا، پشت یا عضو باطنی دماغ دل جگر، سپرز
وشش و زہرہ و معدہ
اِنْہِدَام ع ویران ہونا گر جانا عمارت کا مسمار ہو
جُذَام ع کوڑھ۔ ایک قسم کا مرض
تَرَام ف فرمانبردار۔ مطیع۔ متابعت کرنیوالا
آرَام ف خوشحالی۔ آسودگی ع جمع ارم بہت
ست آہو بچے آرامیدن سے امر
دلآرام ف دلپسند۔ محبوب۔ معشوق۔ دل کو
آرام دینے والا

رام

اِبْرَام ع تنگ کرنا۔ ملول کرنا۔ دق کرنا۔
استوار کرنا۔ رسی کا دہرا کرنا
اَجْرَام ع جمع جرم، اجسام جواہرات
ستاروں کے جسم
حَرَام ع منع کرنا۔ منع کرنے والا۔ ناروا
ناشائستہ۔
مَسْجِد الْحَرَام ع مکہ میں ایک مسجد
مَشْعَر الْحَرَام ع جائے قربانی جو حج کے
بعد کرتے ہیں
نمک حرام ف بدخواہ اپنے مالک کا جو شخص
کسی کا مال کھا کر حق ادا نہ کرے
اِحْرَام ع حرام کرنا، احرام جو حاجی باندھتے
ہیں اور بہت باتیں ترک کر دیتے ہیں جس میں جانا
خِرَام ع رفتار نرم ناز سے چلنا مٹک کر
چلنا۔ خرامیدن سے امر
دُرَام ف سینہ ساہی خار دار جانور
بادرام ف توسن۔ رَنش۔ چالاک گھوڑا
تیز رفتار
پُر رام ف آراستہ۔ خوش۔ تبدیل صورت
مطبوع۔
اِنْصِرَام ع سرانجام پانا آخر ہونا، انجام کو پہنچنا

رام

ضِرَام ع ہیزم باریک ریزہ جس سے آگ
جلائیں پتلی لکڑیاں۔
غَرَام ع حرص عشق شیفتگی۔ ہلاک
عذاب۔
قِرَام ع باریک۔ رنگین منقش پردہ
کِرَام ع (جمع کریم) بزرگان بہت نیک سخی
مَرَام ع مراد مطلب (ز رَوم = ڈھونڈھنا)
اَوْرَام ع (جمع وَرَم) بہت سی سوج
یا آماس
بَہْرَام ف نام بادشاہ جو گورخر کے شکار کے سبب
بہرام گور کہلاتا تھا ستارہ مریخ جو پانچویں آسمان پر ہے
اِلْتِزَام ع اپنے اوپر لازم پکڑنا۔
حِزَام ع گھوڑے کا تنگ
اِلْزَام ع لازم کرنا کسی پر کوئی جرم تہمت
لگانا۔
اِنْہِزَام ع شکست کھانا۔ بھاگ جانا
سَام ف نام جد رستم نام پسر نوح۔ نام ہمّا
قصد کرنا۔ ورم آتش۔ مرگ۔ ہلاک۔ زر
سرخ یعنی سونا۔
بَسَّام ع خنداں شگفتہ۔ ہنستا۔
کھلتا ہوا

شام

اِبْتِسَام ع تبسم کرنا۔ تھوڑا ہنسنا۔ کھلنا
شگفتہ ہونا۔
اِرْتِسَام ع نقش باندھنا۔
اِقْتِسَام ع قسمت کرنا۔ حصہ کرنا۔ بانٹنا۔
اِنْتِسَام ع نسیم لینا۔ خوشبو لینا۔ ہوا لینا
ہوا کھانا۔
اَجْسَام ع (جمع جسم) جسم ہا۔ بدن ہا۔
حُسَام ع شمشیر تلوار
رَسَّام ع نقاش۔ مصور۔ نام آہنگر جو اپنے
کام میں استاد تھا۔
بَرْسَام ف ذات الجنب (ایک بیماری بر = بغل
سام = ورم یعنی ورم پردہ زیر بغل)
سَرْسَام ف ایک مہلک بیماری۔ ورم دماغ
(سر + سام)
اَقْسَام ع (جمع قسم) کئی قسم۔ کئی طرح۔
کئی نوع۔ حصہ ہا۔
اِنْقِسَام ع تقسیم کرنا۔ بانٹنا حصہ حصہ کرنا
مَسَام ع باریک سوراخ جو انسان کے جسم میں ہیں
شَام ف وقت شب۔ دار الخلافت دمشق
آشَام ف آشامیدن سے امر پینا۔ پی۔ پینے والا
نام ملک بشمال و مشرق بنگالہ

شام

خون آشام ف خونخوار۔ جانی دشمن
احتشام ع صاحب حشم و لشکر ہونا۔ صاحب شان و شوکت ہونا۔
احشام ع (جمع حشم) نوکراں۔ خادماں خدمتگاراں
مشام ع مقام ناک جسکو سونگھنے کی قوت حاصل ہے۔
اعتصام ع پنجہ مارنا۔ مضبوط پکڑنا محکم پکڑنا۔
خصام ع جنگ و جدل کرنا۔ جنگ کرنے والے لوگ۔
انفصام ع شکست ہونا۔ ٹوٹا ہوا ہونا
صمصام ع شمشیر۔ تلوار
ارتطام ع پست ہونا۔ مٹی میں ڈالنا ذلیل کرنا۔
حطام ع شکستہ۔ ریزۂ گیاہ۔ مال اندک
بسطام ف نام شہر جہاں بایزید ولی رہتا تھا
فطام ع دودھ چھوڑنا لڑکے کا یکلخت۔ مفارقت۔ جدائی۔
انتظام ع بندوبست کرنا۔ مرتب کرنا پیدونا۔ پیوند کرنا۔

خطام ع اونٹ کی مہار۔ گھوڑے کی باگ
عظام ع (جمع عظیم) بزرگاں۔ کلاناں۔ (جمع عظم) استخوانہا۔
عظام ع (جمع عظیم) بندگاں۔ امیراں دولتمنداں۔
اعظام ع بزرگ پکڑنا۔ بزرگ کرنا۔ عزت و عظمت دینا۔
نظام ع ایک حکیم معتزلہ جس کے مسائل خلاف شرع تھے۔
نظام ع رشتہ جواہر۔ آراستگی۔ درستی۔ زیب و زینت۔ بندوبست۔ نام وزیر ملک شاہ سلجوقی جو بہت نیک نام تھا۔ خطاب بیدار دکن
انتظام ع آراستہ و مرتب کرنا۔ بندوبست کرنا پیدونا۔
عام ع ضد خاص۔ ہر ایک شخص اور ہر ایک چیز
عام ع سال۔ برس
خاص و عام ع اچھے اور برے آدمی۔ بڑے اور چھوٹے
عرض عام ع ایک عرض جس میں مختلف پیدائش شامل ہوں چنانچہ چلنا جس میں انسان گائے گھوڑے وغیرہ شامل ہیں

کام	عام
اسقام ع جمع سقم۔ بیماریاں۔ امراض	طعام ع طعم۔ کھانا۔ کھانے کی چیز۔ لذت دار چیز۔
مقام ع کھڑے ہونا۔ ٹھہرنا۔ قایم ہونا	اطعام ع طعام دینا۔ طعام پہونچانا
مقام ع کھڑے ہونے کا مقام۔ جائے سکونت۔ سکونت کی جگہ۔	انعام ع نعمت دینا۔ نازک کرنا۔ زیادہ ہونا۔ بڑھنا۔
دوازدہ مقام ف موسیقی کے بارہ مقام یعنی راست۔ صفاہاں یا شب۔ بوسلیک۔ عشاق۔ زیر بزرگ۔ زیر کوچک۔ حجاز۔ عراق۔ زنگلہ۔ حسینی۔ رہاوی۔ نوا	منعام ع بہت بخشش کرنے والا۔ انعام دینے والا۔
قمقام ع کارد بزرگ۔ دریا۔ بہتر قوم کرم یا کیڑے	ادغام ع کھانا۔ بیجا دیکھنا۔ گھوڑے کو لگام دینا۔ حرف کو حرف میں لانا۔
کام ف مراد۔ مقصود۔ انسان کا تالو۔	رغام ع خاک ریگ آمیز۔ جس مٹی میں ریگ ملی ہو۔
خودکام ع مرد خود رائے۔ خود غرض۔ خود مطلب۔	ضرغام ع شیر درندہ۔ جنگل کا شیر
دشمن کام ف کمبخت۔ ذلیل جس کی حالت دیکھکر دشمن خوش ہوں	پیغام ف پیام۔ ایلچی کو جو تقریر بولنے کے لئے سمجھا دیجائے۔
دوست کام ف خوشحال۔ آسودہ جسکی حالت دیکھکر دوست خوش ہوں	فام ع رنگ و لون۔ صورت۔
شادکام ف خوشدل	انتقام ع بدلہ لینا۔ عوض لینا
کام ناکام ف چار ناچار۔ ضرورتاً۔	ارقام ع رقم کرنا۔ لکھنا
ناکام ف نامراد۔ ناچار۔ بالضرور۔ بحالت ناچاری۔	ارقام ع جمع رقم۔ خطوط
حکام ع جمع حاکم۔ حاکماں۔ حکم دینے والے	سقام ع بیماری۔ زحمت
	سقام ع جمع سقیم۔ بیماراں۔ بہت سے بیمار۔

کام

استحکام ع مضبوطی کرنا۔ استواری کرنا
محکمی کرنا۔
زکام ع بیماری جس میں دماغی فضلہ ناک
سے جاری ہوتا ہے
گام ف قدم۔ دیہ۔ قریہ۔ گاؤں۔
ہنگام ف وقت۔ زمانہ
لام ع (جمع لامہ) زرہ۔ الف بے کا ایک
حرف۔ ف فقرا کی ایک نمدی ٹوپی۔
آلام ع (جمع الم) رنجہا۔ بہت سی تکلیفیں
مصیبتیں۔
احتلام ع خواب میں ناپاک ہونا۔
انزال کرنا۔
استلام ع پتھر کو ہاتھ یا منہ سے چھونا
یا چومنا۔ چنانچہ حجر الاسود کو۔
حلام ع بچہ گوسفند۔ بکری کا بچہ۔
احلام ع (جمع حلم) خوابہا۔ عقلہا۔ بردباریہا
تسلام ع فرمانبرداری۔ بے آزاری۔ [illegible]
بندگی۔ سلام کہنا۔ خدا تعالیٰ کا ایک نام۔ ف [illegible]
دار السلام ع سلامتی کا گھر۔ بہشت
لقب شہر بغداد کا۔
اسلام ع دین اسلام۔ تسلیم کرنا۔ مان لینا

لام

قبۃ الاسلام ع لقب شہر بخارا یا اسلام
کا گنبد۔
قبیصۃ الاسلام ع لقب کوفہ کا جو شہر
مشہور ہے۔
استسلام ع سلامتی۔ فرمانبرداری۔
تسلیم تعظیم۔
ظلام ع تاریکی اول شب۔ پہلی رات کا
اندھیرا۔
ظلام ع (جمع ظلمت) بہت سی تاریکیاں
اندھیرے
ظلام ع نہایت ظالم۔ سخت بے انصاف آدمی
علام ع بڑا دانا۔ صاحب علم۔ باخبر آدمی
اعلام ع خبر دینا۔ آگاہ کرنا۔ اطلاع پہنچانا
اعلام ع (جمع علم) نشانہا۔ لشکر کے علم
استعلام ع خبر چاہنا۔ آگاہی چاہنا
اطلاع۔
غلام ع لڑکا۔ خدمتگار۔ مملوک۔
زر خرید آدمی
اغلام ع بچہ بازی کرنا۔ کسی بچے کے ساتھ
بدفعل کرنا
کلام ع بولنا۔ سخن کہنا۔ بات چیت کرنا

لام

علم کلام ع وہ علم جس سے مقدمات نقلی کو بدلائل عقلی ثابت کریں۔

لاکلام ع بیشک

مالاکلام ع جس بات میں کلام نہو۔ درست صحیح۔ بہت

ملک الکلام ع لقب ملک قمی نثر وری کا جو مصاحب سلطان ابراہیم عادل شاہ کا لقا دکن ہیں

ملام ع ملامت کرنا۔ جائے ملامت جس جگہ پر ملامت ہو

ملام ع ملامت کرنا کسی کو برا کہنا۔

ایلام ع دردمند کرنا۔ دکھ دینا۔ تکلیف پہونچانا۔

مام ف مادر۔ ام۔ ماں

امام ع پیش۔ آگے۔

امام ع پیشرو۔ سرگروہ۔ پیر و مرشد

دوازدہ امام ف بارہ امام یعنی علیؑ حسنؑ حسینؑ زین العابدینؑ محمد باقرؑ جعفر صادقؑ موسی کاظمؑ علی رضاؑ محمد تقی۔ محمد نقی۔ حسن عسکری۔ محمد مہدی

ہفت امام ف سات امام یعنی امام اعظم ابو حنیفہ کوفی۔ امام شافعی۔ امام مالک۔ امام احمد حنبل۔ امام ابو یوسف۔ امام محمد۔ امام زفر

مام

تمام ع درست۔ کافی۔ کامل۔ پورا۔ سارا

ناتمام ف ناقص۔ وہ چیز جو ابھی پوری نہو

اتمام ع تمام کرنا۔ پورا کرنا۔ کامل کرنا۔

اہتمام ع غمخواری۔ کوشش۔ بندوبست انتظام۔

جمام ع آسودگی گھوڑے کی ماندگی کے بعد

جمام ع آب منی مرد۔ لبالب ہونا ظرف و پیمانہ کا۔
جمام

اجمام ع گھوڑے کو سواری کے لئے سنوارنا زین ڈالنا

حمام ع مرگ۔ کبوتر۔ کبوتراں

حمام ع غسل خانہ جس میں گرم پانی ہو

استحمام ع حمام میں جانا۔ بخار گرم لینا حمام میں نہانا۔

زمام ع لگام اسپ۔ مہار شتر۔ باگ نکیل

اشمام ع سونگھنا۔ بو لینا۔

استشمام ع سونگھنا کسی بودار چیز کو

انضمام ع جمع ہونا۔ پیوند ہونا۔ وصل ہونا

اعمام ع (جمع عم) بہت چچے یا باپ کے بھائی

غمام ع ابر۔ سحاب۔ بادل جس سے بارش ہوتی ہے

ام

اَکمام ع (جمع کِم) آستینیں، شگوفہ کے غلاف
نَمّام ع سخن چین، غمّاز، نام گیاہ خوشبودار
یَمام ع کبوتر صحرائی، جنگلی کبوتر
نام ف اسم، نام
بدنام ف جس کا نام بد ہو، خراب شہرت والا آدمی
گمنام ف جس کو کوئی نہ جانے، ناچیز آدمی ناکارہ۔
نیکنام ف ناموس والا، جس کا نام مشہور ہو دے نیکی کے سبب
اَنام ع مخلوقات الٰہی، جن و انس
سَنام ع کوہان شتر، اونٹ کے پیٹھ کی ہڈی
دُشنام ف گالی، بدگوئی، بدکلامی، بدگفتاری
اَصنام ع (جمع صنم) بہت سے بت پتھر کے
اَغنام ع (جمع غنم) بکریاں
مَنام ع چار پایوں کے رہنے کی جگہ۔ آشیانہ مرغاں۔
مَنام ع خوابگاہ، سونے کی جگہ، نیند کا مقام
وام ف قرض، رنگ، لون
تَوام ع دو بچوں کا ایک حمل سے پیدا ہونا
دَوام ف ہمیشگی، ہمیشہ کا قیام

ہام

علی الدّوام ع ہمیشہ، ہر روز، ہر وقت بہر حال۔
عَوام ع (جمع عامہ) ہر طرح کے لوگ، عام لوگ جو خاص نہ ہوں۔
عَوام ع اسپ راہوار، تیز رفتار گھوڑا
اَعوام ع (جمع عام) سالہا، بہت سے برس
غَوام ع سودائے سر، پریشانی
قَوام ع راستی، عدل، درستی، انصاف خوبی، بھلائی۔
قِوام ع اصل ہر چیز کا، کھڑا ہونا قائم ہونا۔
حاجی قوام ع شیراز کا ایک عہدہ دار سرکاری یا محتسب۔
ہَوام ع حشرات الارض یعنی مار کژدم وغیرہ (جمع ہامہ)
تَہام ع ایک بخیل کا نام جو کمال بخیل تھا
اِبہام ع پوشیدہ کہنا، پوشیدہ چھوڑنا، سرانگشت، دروازہ بند کرنا۔
اِتّہام ع تہمت لگانا، بہتان باندھنا
مُستہام ع سرگشتہ، حیران، پریشان
تمامیں۔ [illegible]

ہام

سِہَام ع (جمع سہم) بہت سے حصّے بہت سے تیر

سَہَّام ع تیر انداز۔ جس کا تیر نشانہ سے خطا نہ کرے

سُہَام ع تاریکی۔ تغیر چہرہ۔ لاغر ہونا کمزور ہونا۔

سَہَام ع شدت۔ حرارت۔ تابستان سخت گرمی۔

فَہَّام ع بہت سمجھنے والا۔ خیال میں لانے والا۔

اِفْہَام ع سمجھانا۔ اصل بات سے آگاہ کرنا

اِسْتِفْہَام ع کسی چیز کے سمجھنے کو چاہنا سمجھنے کا ارادہ۔ پوچھنا۔

اِلْہَام ع جو بات دل سے اٹھے یا خدا کی طرف سے دل میں آوے سچے خیالات

مُہَام ع (جمع مہم) کام۔ بات مشکل۔ دشوار امور

مَدَارُ الْمُہَام ع مختار کل۔ ہر ایک کام پر صاحب اختیار۔

اَوْہَام ع (جمع وہم) بہت سے خیالات دماغی۔

یام

اِیہَام ع شک۔ غلطی میں ڈالنا کسی کو وہم میں ڈالنا

یَام ع یامہ۔ وہ گھوڑے جو ڈاک پر پہنچے جائیں۔

اَیَّام ع (جمع یوم) روزہا۔ دن۔ وقت زمانہ۔

پَیَام ف پیغام۔ تقریر جو ایلچی کو دوسرے شخص سے کہنے کے لئے سمجھا دی جائے۔

اِلْتِیَام ع آپس میں ملنا۔ زخم کا اچھا ہونا بھر آنا زخم کا

تَخَرُّق و اِلْتِیَام ع پھٹنا اور ملنا

خِیَام ع (جمع خیمہ) بہت سے خیمے

خَیَّام ع خیمہ دوز۔ خیمہ سیکر تیار کرنے والا حکیم اور شاعر عمر کا تخلص۔

عُمَر خَیَّام ع نام ایک شاعر کا ہے جو عرب میں رہتا تھا۔

سِیَام ف نام ایک کوہ کا جو نزدیک شہر سمرقند ہے

صِیَام ع (جمع صوم) روزہ ہا۔ بہت سے روزے

قِیَام ع قائم ہونا۔ کھڑے ہونا۔ درست ٹھہرنا

لِئَام ع (جمع لئیم) بخیل۔ کمینہ لوگ

یام

نِیام ع (جمع نوم) بہت سی نیندیں۔

(جمع نایم) سوئے ہوئے لوگ، غلاف کار دو شمشیر، تلوار کا میان

بَم ف سرود کی بلند آواز (ضد زیر)

ٹھٹم ع سردی۔ سرد ہونا، ٹھنڈا ہونا۔

تَم ع تاریکی، سیاہی۔ نام بیماری چشم جس سے نظر ضعیف ہوتی ہے۔

اَتَم ع کامل۔ پوری چیز

حاتم ع طے کے قبیلہ کا ایک مشہور سخی

خاتم ع مہر۔ انگشتری، ختم کرنے والا۔

ماتم ف غم۔ اندوہ۔ پریشانی جو کسی کے مرگ پر ظاہر کی جائے۔

خواتم ع (جمع خاتم) مہریں۔ نقش جو قایم کئے جائیں۔

مُستَتِم ع اتمام چاہنے والا، انجام مانگنے والا

مُکتَتَم ع پوشیدہ۔ جو چیز پردہ کے اندر ہو

حَتَم ع استوار کرنا، حکم کرنا۔ واجب کرنا

حاتِم ع حکم کرنے والا

تَحَتُّم ع واجب ہونا، درست صحیح ہونا

مُتَحَتِّم ع واجب۔ لازم، استوار کرنیوالا

خَتم ع پورا کرنا۔ مہر کرنا۔

مختوم ع مہر کیا گیا، قفل لگایا گیا

تتم

رُتَم ع وہ رشتہ جو یاد داشت کے لئے انگلی کو باندھ رکھیں۔

سِتَم ف ظلم۔ بے انصافی۔ جور و جفا، تعدی

رُستَم ف ایران کا ایک مشہور پہلوان میں چھٹ گیا

کمانِ رُستَم ف قوس قزح، کمان باراں

شَتَم ع دشنام۔ بدگوئی۔ بد کلامی۔ گالی دینا۔

تَعَتُّم ع تاخیر کرنا۔ توقف کرنا۔ ڈھیلے ہونا

کَتَم ع پوشیدگی۔ پردہ۔ چھپانا کسی چیز کو

کَتَم ع ایک گھاس جس سے خضاب کرتے ہیں

کَتَم ع چھپانا۔ برگ نیل، نیل کے پتے جس سے خضاب کرتے ہیں

تُوتَم ت بچہ۔ طفل خورد سال

شتم ت کس، باز، بھر

ثَمَّ ع آنجا، اس جگہ، اُس مقام پر

اِثم ع گناہ۔ تقصیر

آثِم ع گنہگار، گناہ کرنیوالا، خطاوار

آثام ع (جمع آثم) گناہگار۔

مُلتَثَم ع چوما گیا، بوسہ دیا گیا

ثم

لثم ع توڑنا۔ منہ باندھنا۔ خون آلودہ کرنا
تلثیم ع چومنا۔ بوسہ دینا۔
ملثم ع چوما گیا۔ بوسہ دلگیا۔
مؤثم ع گنہگار۔ مجرم۔ تقصیری۔ خطادار

جم

جم ف (مخفف جمشید) مشہور ایران کا بادشاہ۔
جامِ جم ف جمشید کا پیالہ۔ ایک کتاب کا نام
اجم ع نیستان۔ انبوہ درختاں۔ درختوں کا ہجوم۔
جاجم ت قسم فرش کا۔
براجم ع جمع برجم۔ انگلیوں کے جوڑ
نجم ع روشن۔ ہویدا۔ ظاہر۔ چمکتا ہوا
تجہم ع برآمدگی۔ سطبری۔ کسی چیز کی ضخامت موٹائی۔
تجہم ع ابھرنا۔ باہر نکلنا۔ حجامت کرنا ظاہر ہونا۔ باز رکھنا۔ چھپنا۔
رجم ع پتھر مارنا۔ سنگسار کرنا۔ نفرین کرنا گمان سے سخن کہنا۔ چلانا۔ دور کرنا۔ گالی دینا۔ بدگوئی کرنا۔
برجم ع بند انگشت۔ انگلیوں کا جوڑ
مترجَم ع ترجمہ کیا گیا۔ بیان کیا گیا۔
مترجِم ع ترجمہ کرنے والا ایک زبان سے دوسری میں۔
منسجم ع پانی۔ اشک رواں ہونیوالا آنسو بہنے والا۔
عجم ع اعراب۔ حروف۔ نقطہ دینا حروف پر
عُجم ع گنگ زبانان۔ باشندگان ملک عجم
عَجم ع جو ملک سوائے عرب کے ہو خصوصاً ایران توران۔ مردم غیر عرب۔ یعنی گونگی یا داہ
حسان عجم ع لقب خاقانی شاعر کا
اعجم ع جسکی زبان بات کہنے میں پھسلتی ہو جو صاف بات نہ کر سکے۔
معجم ع حروف۔ حروف ابجد۔ حروف منقوطہ۔ حروف نقطہ دار۔
حروفِ معجم ع جو حروف نقطہ دار ہوں
شلجم ع (معرب شلغم) ایک مشہور ترکاری
نجم ع ستارہ۔ بیل کسی درخت کی مثلاً کدو وغیرہ
انجم ع جمع نجم ستارہ ہا
پنجم ف پانچواں
ظفر قدار پنجم ف ستارہ مریخ جو پانچویں آسمان پر ہے۔
منجم ع نجومی۔ ستارہ شناس

ـحم

چَم ف خرام۔ رفتار۔ ناز۔ پیچ وخم
خم وچَم ف نازوادا بوقت رفتار
پَرچَم ف بیرق۔ علَم کا کپڑا جو ابریشم سیاہ سے بناتے ہیں۔
حَم ع شوہر۔ سالا۔ سسرال کا رشتہ دار
رَاحِم ع مہربان۔ صاحب رحم نرمی کرنے والا۔ معافی دینے والا
مَرَاحِم ع (جمع مرحمت) مہربانیاں۔ عنایتیں۔ التفاتیں۔
تَزَاحُم ع انبوہ کرنا۔ ہجوم کرنا۔ مجمع کرنا۔ مزاحم ہونا
مُزَاحِم ع تنگی کرنے والا۔ زحمت یا رنج پہونچانے والا۔ ناحق دخل دینے والا
مُقتَحِم ع ظالم۔ غالب۔ مختار۔ حاکم با اختیار
مُلتَحِم ع زخم انگور لایا ہوا۔ جو زخم اچھے ہونے کے نزدیک ہو۔
مُزدَحَم ع ازدحام کیا گیا۔ ہجوم وانبوہ
مُزدَحِم ع انبوہ کرنیوالا۔ ہجوم کرنیوالا
تَرَحُّم ع مہربانی کرنا۔ معافی دینا
رَحِم ع [illegible] بچہ دانی عورت کی جس میں بچہ پیدا ہوتا ہے

اخم

صِلۂ رَحم ع خویشوں سے صلح رکھنا اقربا سے ملتے رہنا۔
اَرحَم ع بڑا رحم والا۔ ترس کھانیوالا
تَرَحُّم ع رحم کرنا۔ مہربانی
زَحم ع زحمت۔ انبوہ۔ ہجوم۔ رنج وبلا۔ آفت۔ بیماری
شَحم ع پیہ۔ چربی
فَحم ع زگال۔ انگشت۔ کوئلا آگ جلانے کا
مُقحَم ع کسی چیز میں ڈالا گیا۔ درمیان میں لایا گیا۔
لَحم ع گوشت۔ ماس
مُلحَم ع قسم پارچہ ابریشمی جو نہایت ملایم ہوتا ہے
رَخم ف شگاف پانی وغیرہ کا
تُخم ف بیج۔ [illegible]
پُرخَم ف خمدار۔ پیچدار۔ پیچ درپیچ۔ زنجیردار۔ مسلسل
تیغِ خم ف تلوار خمدار۔ ٹیڑھی تلوار
چارخَم ف کشتی کا ایک داؤ
خم بخم وخم درخم ف پیچدار۔ پیچ درپیچ
اَخم ع چین پیشانی۔ ابرو کا بل

تخم

تُخم ع بیج۔ بیضہ
مُستَنخِم ع روشنائی چاہنے والا
رُخْم ع دوستی۔ نرمی۔ مہربانی۔ نرم مزاجی۔ خوش خلقی
مُتَرَخَّم ع نرم کیا گیا۔ ملایم کیا گیا
زَخْم ف گھاو۔ ریش۔ جو تلوار وغیرہ سے بدن پر پیدا ہو
چشم زَخْم ف بد نظر۔ نگاہ بد
مُفَخَّم ع بزرگ رکھا گیا
وَخْم ع ناگوار۔ ناساز گار۔ ناپسند۔ مطبوع
دُم ف پونچھ۔ دنب
دَم ع خون۔ ف سانس۔ نفس۔ سخن۔ افسون
فریب۔ مکر۔ جرعہ آب۔ بادکش آہنگراں۔ مغرور
ہونے۔ تیزی شمشیر۔ ہنگام و وقت۔ لاف
پاردُم ف گھوڑے کی دمچی
افعیٔ آتشین دَم ف بندوق۔ تفنگ
دَمادَم ف دمبدم۔ پے در پے۔ بار بار
ہر وقت۔ ہر آن
دَمبَدَم ف دمادم۔ پے در پے۔ بار بار
دَرازدُم ف حربا۔ ایک مشہور جانور
سپیدہ دَم ف صبح صادق۔
جس وقت سفیدی شروع ہوتی
ہے

ردم

گاؤدُم ف کرنا۔ جو چیز ایک طرف سے
موٹی اور دوسری طرف سے پتلی ہو
گرگ آشتی دَم ف صبح۔ فجر کا وقت
کژدُم ف بچھو۔ نیش ہی دم والا جانور۔ کژدم
ہمدم ف دوست۔ رفیق۔ ہم صحبت
جلیس۔
آدَم ع حضرت آدم۔ ابو البشر
خادِم ع غلام۔ نوکر۔ چاکر۔ خدمتگار۔ تابعدار
تَصادُم ع دھکا دینا۔ دھکیل دینا
عِصادِم ع پانی کی مشک۔ بند مشک
ایک شخص کا نام
نادِم ع پشیمان۔ جو شخص بد کام کرکے
پشیمان ہو۔
ہادِم ع عمارت کا گرانے والا۔ ویران
کرنے والا۔ مسمار کرنے والا
خُدّام ع (جمع خادم) چاکراں۔ غلاماں
نوکراں۔ خدمتگاراں
مُستَخدِم ع خدمت چاہنے والا۔ خدمت
مانگنے والا۔
مُستَخدَم ع جس سے خدمت چاہیں۔ خدمتگار
خُرّدُم ف ایسا بہت آدمی۔ مردک۔ یا سیاہ چشم

ردم

دیو مردم ف جنگلی آدمی۔ بن مانس جفاکار شریر۔ مردم آزار۔
نامردم ف ناکس۔ بیکار۔ کم ذات۔ کم عزت آدمی۔
عدم ع نابودگی۔ نابود نیست نیستی۔
منعدم ع فنا۔ نابود بے نام و نشاں۔
منعدم ع نابود ہونے والا۔ معدوم۔ بے نام و نشان۔
خوش قدم ف خوش رفتار گھوڑا
اقدم ع بہت آگے۔ زیادہ آگے
تقدم ع آگے ہونا۔ پیشدستی۔ امام بننا۔
تقدم ع بصیغہ امر۔ آگے ہو۔ پیش شو۔
متقدم ع آگے بڑھنے والا۔ پیشدستی کرنیوالا
مقدم ع پیش کرنیوالا۔ حاضر کرنیوالا شخص
مقدم ع پیش کیا گیا۔ چودھری۔ نمبردار۔ لڑکا
مقدم ع آگے چلنے والا۔ دلیر۔ گوشۂ چشم بطرف بینی۔
مقدم ع آنا۔ واپس آنا۔ قدم رکھنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کا مقام۔
خیر مقدم ع اچھا آنا۔ مرحبا کلمۂ دعا جو دوست کے آنے کے وقت کہتے ہیں

وارم

ارم ملدم ع تپ دائمی۔ بخار جو ہمیشہ رہے
ندم ع پشیمان۔ دلگیر۔ غمگین۔ فکرمند
ہدم ع مسمار کرنا۔ ویران کرنا۔ گرا دینا
ذم ع بدگوئی کرنا۔ بدکلامی سے پیش آنا گالی دینا۔
جذم ع بیخ ہر چیز کی۔ اصل عمارت کا نیو۔ بنیاد۔
رم ف بھاگنا۔ گلہ اسپاں و گوسفنداں نام جنگل کا
ارم ع نام شہر۔ نام پدر عاد۔ وہ باغ جو شداد بن عاد نے بنایا تھا۔
خارم ع ناک کا نتھنا۔ پرہ بینی۔ ناک کاٹنے والا۔ مفسد۔ شریر
صارم ع تلوار کاٹنے والی۔
طارم ع خانۂ چوبین۔ خانہ بلند۔ بالاخانہ
اکارم ع جمع اکرم۔ بہت سے سخی۔ بزرگان۔ امرائے دولتمند۔
تکارم ع مہربانی کرنا۔ بخشش کرنا
مکارم ع جمع مکرمت۔ نوازشیں۔ مہربانیاں۔ عنایتیں۔ بخششیں۔
صوارم ع جمع صارم۔ تلواریں بہت تیز کاٹنے والی

برم

تَبَرُّم ع استوار ہونا، محکم و مضبوط ہونا صاحب استقلال ہونا

مُبرَم ع محکم، استوار، مضبوط، جو دور نہ ہو سکے۔

مُحتَرَم ع عزت کیا گیا، عزت دار، آبرو والا۔

جُرم ع گناہ، تقصیر

جِرم ع جثہ، تن، علویات، سفلیات

جَرَم ع گریز، چارہ، ضرورت، خواہش

لاجَرَم ع ناگزیر، ناچار، بالضرور

مُجرِم ع گنہگار، تقصیر دار

چَرم ف چمڑا۔

حَرَم ع احاطہ گرداگرد خانہ کعبہ جہاں پر قتل انسان و شکار حیوان منع ہے، زنانخانہ، مقام پردہ، اہل پردہ دار

بیت الحرم ع خانہ کعبہ، مقام حرمت و عزت

صید حرم ع حرم کا شکار جسکو مارنا حرام ہے

مُحَرَّم ع حرام کیا گیا، حرام رکھا گیا، نام اول ماہ سال قمری ہے کہ اس میں جنگ حرام تھی۔

مُحرِم ع جس نے احرام حج کا باندھا ہو، حرم میں جانے والا

مَحرَم ع جس سے عورت کا نکاح حرام ہو مثلاً باپ بھائی وغیرہ، واقف راز

نامحرم ف ناواقف، غیر آدمی، جو گھر میں نہ آسکے۔

خَرم ع ناک کو چھیدنا، سوراخ کرنا ناک میں

خُرَّم ع تازہ، سیراب، خوش، سرسبز

اَخرَم ع بینی بریدہ، نک کٹا آدمی

مُنخرِم ع بینی بریدہ، کان سے چھدا ہوا آدمی

دِرَم ف ایک وزن ساڑھے تین ماشہ کا ایک سکہ، درہم

آزرم ف شرم، حیا، شفقت، مہربانی، بزرگی، عزت، عدل، راحت، آشتی، ملاقات، غضب، آتشکدہ

مُخرَم ع سوراخ، مقعد، دہان، روده جو ملحق مقعد کے ہے۔

سَرم ت چمڑا، پھیلا ہوا، صاف کیا ہوا چمڑا

شَرم ف حیا۔

بیشرم ف بےحیا، جسکو شرم نہ ہو۔

صَرم ع ہجر، چمڑا، کاٹنا، قطع کرنا

حِصرِم ع غورہ انگور، انگور کا ست

عَرِم ع روده خانہ، پانی کا بند، باندھ

سیل العرم ع آب جاری نہر کا، دریا کا پانی

رزم

رَزْم ف جنگ و جدل۔ خصومت۔ لڑائی۔ فتنہ و فساد

آرَزْم ف جنگ۔ کارزار

خوارَزْم ف ایک ملک کا نام

گُردزم ع ایک قسم کی خوشبودار گھاس

گُرزم ف نام برادر اعیانی اسفندیار پہلوان کا

عَزْم ع ارادہ۔ قصد جو کسی کام کے حاصل کرنے کے لئے ہو۔ ہمت

اُولوالعَزْم ع صاحب ارادہ۔ صاحب ہمت

مُعَزِّم ع عزیمت خواں۔ افسونگر۔ جادوگر۔ منتریا۔

کَزْم ع ایک قسم کا سبزہ۔ حوض اور نہر کے کنارہ کا سبزہ

گَزْم ف درخت گز۔ جھاؤ

اَلْزَم ع بہت لازم۔ نہایت ضروری بات

مُلْتَزِم ع لازم پکڑنے والا

قُلْزُم ع نام موضع درمیان مصر و مکہ کا۔ بحر محیط۔ سمندر

زَمْزَم ع ایک چاہ جو کعبہ میں ہے

اَزْم ف انگور۔ ایک مشہور میوہ

مُنْہَزِم ع شکست بھاگنے والا۔ نامرد۔ بزدل آدمی

سم

لیزم ع کبادہ کمان۔ نرم سست

ہیزُم ف چوب خشک سوختنی۔ جلانے کی لکڑی

دُژَم ف پریشان۔ اندوہگین۔ غمناک

شکرم ف انگور تازہ و پختہ

گرشم ف نام درخت سدرہ۔ شجرالبق

نژم ف وہ بخار جو سردی میں ہوا میں پیدا ہوتا ہے

سَم ع زہر۔ سوراخ۔ سوزن۔ نام پہلوان

سُم ف ناخن اسپ۔ گھوڑے کا پاؤں

آفگندہ سُم ف جو چل نہ سکے۔ جو شخص چلنے سے رہ جائے۔

اِسْم ع نام۔ صرف و نحو کا ایک اصطلاحی لفظ

مَراسِم ع جمع رسم۔ رسمیں۔ بہت طریق

قاسِم ع قسمت کرنے والا۔ حصہ کرنے والا۔ بانٹنے والا۔

اَبوالقاسِم ع کنیت محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو قاسم ان کے بیٹے کا نام تھا۔

تَبَسُّم ع ہنسنا۔ مسکرانا اس قدر کہ دانتوں کی سفیدی نظر آئے۔

مُتَبَسِّم ع تبسم کرنے والا۔ آہستہ ہنسنے والا

مُرْتَسَم ع داغ کیا گیا۔ نشان کیا گیا

چشم

بچشم سر چشم ف آنکھوں سے۔ مجھکو یہ بات منظور ہے۔ کلمۂ قبولیت

تنگ چشم ف ممسک۔ بخیل۔ جسکو خرچ کرنا مشکل ہو

سبز چشم ف کبود چشم جسکی آنکھیں نیلی ہوں

سیاہی چشم ف روشنی چشم آنکھوں کی پتلی

شور چشم ف وہ شخص جسکی نظر لگ جائے اور دوسرے کی حالت ابتر ہو۔

گرسنہ چشم ف حریص۔ طماع۔ جس کی آنکھ سیر نہ ہو۔

گل چشم ف جسکی آنکھ میں گل یا پھولا ہو

کور چشم ف اندھا۔ یک چشم آدمی

لالا چشم ف مرد یک چشم و لالا = غلام سیاہ یا حبشی۔

نور چشم ف بیٹا۔ آنکھوں کی روشنی

ہفت پردہ چشم ف آنکھ کے سات طبقے

ہفت لایۂ چشم ف آنکھ کے سات پردے

یک چشم ف ایک آنکھ والا آدمی۔ آفتاب

حشم ع چاکران۔ خدمتگاران۔ غلامان

سپہ حشم ف سردار لشکر۔ فوج کا بخشی۔ سپہ سالار۔

شم

تحشم ع غضب کرنا۔ صاحب لشکر ہونا۔ اہل حشمت ہونا۔

خشم ف غضب۔ غصہ۔ کینہ۔ برہمی مزاج۔

اخشم ع جسکو قوت شامہ نہو۔ جو بو کی تمیز نہ کر سکے۔

کرشم ع کرشمہ۔ ناز و ادا۔ تعجب کی بات۔ دلپسند۔

ششم ف چھٹا۔

خانۂ ششم ف برج سنبلہ جو چھٹا برج ہے

تقشم ع سخت ضعیف ہونا۔ خشک ہونا۔ لاغر و ناتوان ہونا۔

کوکشم ف ایک قسم کا پھول

یشم ع ایک قسم کا پتھر جو قیمتی ہے

بریشم ف ریشم۔ ابریشم۔

ابریشم ف مشہور چیز جس سے کپڑے بنائے جاتے ہیں۔ ریشم

سریشم ف سریش جس سے لکڑیاں آپس میں چپکاتے ہیں

اشم [illegible] ابریشم [illegible] کپڑے بناتے ہیں۔ ریشم۔

حشم ع کر۔ بہرا

علم	حکم
مَظَالِم ع جمع مظلمہ۔ ستم ہا۔ جا ہائے عدالت۔	مُستحکم ع محکم۔ مضبوط۔ سخت۔ پختہ
عَالِم ع صاحب علم۔ دانا۔ خبردار۔ ہوشیار آدمی۔	مُحکم ع مضبوط۔ استوار۔ جو ٹوٹ نہ سکے
عَالَم ع جہان۔ انواع مخلوقات۔ عالم کائنات۔	کُرکُم ع زعفران۔ کیسر
حَیّ العالم ع نام ایک نبات کا جو ہمیشہ سرسبز رہتا ہے۔	گُم ف یعنی جس کا نشان باقی نہ ہو
عقل عالم ع عقل اول۔ نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم	گُم گُم ف نقب لگانے کی آواز۔ دیوار کھودنے کی آواز
نافِ عالم ف مکہ معظمہ۔ بیت اللہ۔ کعبہ	سَرگُم ف بے ابتدا۔ بے انتہا۔ جس کے اول و آخر کی چیز نہ ہو
ہژدہ ہزار عالم ف تمام مخلوقات جو اٹھارہ ہزار قسم کی دیکھی گئی ہے	بیگم ت زن عمدہ۔ زن امیر۔ اچھی عورت۔
مَعَالِم ع جہان۔ عالم۔ موجودات۔ دنیا کائنات	لَم ع نہیں۔
کَالِم ف عورت منکوحہ (ضد باکرہ) خاوند والی عورت۔	اَلَم ع رنج۔ درد۔ غم۔ پریشانی۔ فکر۔ اندیشہ۔
سَالِم ع خیبر کے قلعوں میں سے ایک جو مدینہ کے علاقہ میں ہے	اَلِم ع رنج پہونچانے والا۔ دکھ دینے والا
عَوَالِم ع جمع عالم۔ جہان ہا۔ بہت سے جہان	تَاَلُّم ع دردناک ہونا۔ صاحب غم و اندیشہ ہونا۔ فکر و تشویش کرنا۔
شَتَالِم ع ظلم۔ تعدی۔ جور و جفا۔ سختی و ایذا	مُتَاَلِّم ع دردمند۔ دردناک۔ غمگین۔ پریشان۔
	سَالِم ع پورا۔ بے نقصان۔ بے عیب۔ تمام۔ کمال
	ظَالِم ع ظلم کرنے والا۔ جور و تعدی پسند رکھنے والا۔ ناانصاف

علم

مُتَعَلِّم ع شاگرد۔ تعلیم پانے والا۔ علم پڑھنے والا۔

مُعَلَّم ع شاگرد سکھلایا۔ علم پڑھایا گیا

مُعَلِّم ع سکھلانے والا۔ استاد۔ ادیب علم پڑھانے والا۔

مُعَلَّم ع نقش دار۔ نشاندار جس چیز کو کوئی نشان ہو۔

لَا یَعْلَم ع نادانی۔ نادان۔ بے خبر۔ جاہل آدمی۔

قَلْم ع کاٹنا۔ تراشنا۔ ناخن اتارنا

قَلَم ع خامہ۔ تراشیدہ۔ ہر چیز کٹی یا تراشی ہوئی۔

خوش قَلَم ع خوشخط آدمی۔ جس کا خط اچھا ہو۔

سِیَہ قَلَم ف معشوق ملیح۔ سانولے رنگ کا معشوق

مشّاقِ قَلَم ف خوشخط آدمی۔ اچھا لکھنے والا۔

نٓ وَالْقَلَم ع دوات قلم۔ نام سورۂ قرآن

ہفت قَلَم ف سات طرح کے خط جو لکھے جاتے ہیں

یک قَلَم ف بالکل۔ یکدم۔ اسی وقت فی الفور۔

تم

کَلْم ع خستہ و مجروح کرنا۔ زخمی کرنا

کَلِم ع (جمع کلام) سخنہا۔ تقریریں۔

تَکَلُّم ع گفتگو کرنا۔ کلام کرنا۔ بات چیت کرنا

مُتَکَلِّم ع کلام کرنے والا۔ بولنے والا۔ بات کرنے والا۔

مُؤلِم ع الم یا رنج پہونچانے والا۔ دکھ دینے والا۔

ہَلُمَّ ع بیا۔ آ۔ (صیغۂ امر)

چہلم ف چالیسواں (عدد شمار میں)

سیلم ف پہلوان جو افراسیاب کا سرلشکر تھا جسکو رستم نے قتل کیا۔

دَیلم ع نام ملک و قوم جنکی بادشاہت مدت تک رہی

اُسَیْلِم ع (تصغیر اسلم) ایک رگ جو خنصر و بنصر کے درمیان ہے

نیلم ف جواہر نیلگوں۔

اُمَم ع (جمع امت) گروہ ہائے مردم جماعتیں۔ قومیں۔ ملتیں۔

مَسَامّ ع (جمع مسم) سوراخہا۔

تَمِّم ع (صیغۂ امر) تمام کر۔ پورا کر۔ درست کر

مُتَمِّم ع تمام کرنیوالا۔ کامل کرنیوالا۔ پورا کرنیوالا

حوم

مرحوم ع رحمت کیا گیا۔ بخشا گیا۔ مغفور جو مر گیا ہو۔

تخوم ع نشان رحد و دو حد دو زمین میں واقع ہو۔ نام شہر کا

دوم ع دوسرا۔ دو میں سے ایک

مخدوم ع خدمت کیا گیا۔ باپ۔ استاد۔ آقا

معدوم ع نابود۔ جس کا کوئی پتا نہ ہو بے نام و نشان۔

قدوم ع سفر سے آنا۔ روبرو آنا۔ (جمع قدم) بہت سے قدم۔

مجذوم ع کوڑھی جس کو جذام یا کوڑھ کی بیماری ہو۔

روم ع نام ملک اور ولایت

ہیکل الروم ع نام بت خانہ جو روم میں تھا

محروم ع ناامید کیا گیا۔ روکا گیا۔ نامراد۔

کروم ع (جمع کرم) درختان انگور۔ غمہا اندوہہا۔ پریشانی ہا۔

مجذوم ع قطع کیا گیا۔ کاٹا گیا۔ [illegible] کیا گیا۔

لزوم ع لازم ہونا۔

ثوم

مہزوم ع شکست دیا گیا۔ بھگایا گیا

سئوم ع گراں بیٹھنا۔ دقت کرنا۔ رنج کھینچنا۔ گھاس چرنا۔

سیوم ف تیسرا۔ ثالث

رسوم ع (جمع رسم) بہت سی رسمیں عادتیں۔ قواعد۔ قوانین۔

مرسوم ع رسم کیا گیا۔ درماہہ۔ روزینہ

مقسوم ع بانٹا ہوا۔ حصہ کیا ہوا۔ قسمت کا لکھا

موسوم ع نام رکھا گیا۔ نشان قائم کیا گیا۔

مشئوم ع منحوس۔ نامبارک۔ مشوم

خیشوم ع بینی۔ استخوان بینی۔ ناک کی ہڈی

صوم ع روزہ رکھنا۔ دن کو نہ کھانا

خصوم ع دشمنی کرنا۔ عداوت کرنا

[illegible] ع نگاہ رکھا گیا۔ [illegible] ہوا۔ بیماری کا۔

مہضوم ع ہضم کیا گیا۔

خرطوم ع ہاتھی کی ناک۔ سونڈ

منظوم ع پرویا گیا۔ نظم کیا گیا۔

ثوم ع سیر۔ لہسن۔ ایک مشہور بودار چیز

قوم ع گروہ آدمیاں

رقوم ع (جمع رقم) رقمہا۔ لکھی ہوئی باتیں

قوم	ہوم

قوم

مرقوم ع لکھا گیا۔ تحریر کیا گیا

زقوم ع تصویر کا درخت ۔ ایک خاردار درخت۔

مقوم ع قیمت کرنے والا۔ راست کرنے والا۔ سیدھا کرنے والا۔

محکوم ع حکم کیا گیا۔ تابعدار۔ محرم راز۔ نمبردار۔

لوم ع ملامت کرنا۔ برا کہنا

ظلوم ع سخت ظالم۔ نہایت ظلم کرنے والا بے انصاف آدمی۔

مظلوم ع ظلم کیا گیا۔ جس شخص پر کسی نے ظلم کیا ہو۔

علوم ع (جمع علم) بہت سے علم۔

ام العلوم ع علم صرف جس سے قواعد ہر علم کے نکلتے ہیں۔

معلوم ع جانا گیا۔ الی ذرہ سارا اسباب

کلوم ع (جمع کلم) جراحت (زخم) بہت سے زخم

ملوم ع ملامت کیا گیا۔ جس کو ملامت کی گئی ہو۔

موم ف شہ وہ چیز جو شہد کی مکھی بناتی ہے

نخل مومی ف وہ درخت جو موم سے بناتے ہیں

یحموم ع دود کہ سیاہ۔ کالا دھواں

ہوم

مذموم ع مذمت کیا گیا۔ برا کہا گیا بدگوئی کیا گیا

سموم ع باد گرم۔ گرم ہوا جو گرمی میں چلتی ہے۔

سموم ع (جمع سم) زہرہا۔ بہت سی زہر

مسموم ع زہر کھایا گیا جس کو زہر دیا گیا ہو

مشموم ع سونگھی ہوئی چیز جس کو سونگھیں

مضموم ع وہ حرف جس پر حرکت پیش کی ہو

عموم ع زیادتی۔ بطریق عام سب کے واسطے۔ سب کے روبرو۔

غموم ع (جمع غم) بہت سے فکر اور اندیشے

مغموم ع غمناک۔ دلگیر۔ اندیشہ میں

نموم ع بہت غمازی کرنے والا چغلخور بدگو۔ غیبت کرنے والا

ہموم ع (جمع ہم) اندوہہا۔ اندیشہ ہا

مہموم ع غمناک۔ فکرمند۔ اندیشہ میں

نوم ع خواب۔ نیند

اقنوم ع ہر چیز کی اصل۔ بنیاد

فہوم ع (جمع فہم) بہت سی فہم

مفہوم ع سمجھا گیا۔ واضح کیا گیا

منہوم ع حریص۔ گرسنہ چشم۔ تمام طمع آدمی

ہوم

موہوم ع وہم کیا گیا۔ شک کیا گیا
نقطہ موہوم ع باریک نقطہ جو نظر نہ پڑے
مشئوم ع منحوس۔ نامبارک۔ شوم
یوم ع روز۔ دن۔
قیوم ع زیادہ قایم ہونیوالا نام خدا تعالےٰ
حی القیوم ع زندہ و قایم۔ نام خدا تعالےٰ
ہم ع غم۔ اندیشہ۔ فکر
ہم ع مرد نہایت ضعیف۔ کمزور۔ ناتواں۔ ناطاقت
ہم ف بھی۔ نیز۔ کلمہ عطف
اللّٰہم ع یا الٰہی اے میرے پروردگار۔ اے معبود
باہم ف آپس میں۔ ایک دوسرے سے اتفاق سے
برہم ف الٹ پلٹ۔ غضب اور غصہ کی حالت میں۔
پیہم ف برابر۔ لگاتار۔ پے در پے۔ بار بار۔ گھڑی گھڑی
درہم برہم ف الٹ پلٹ۔ غصہ کی حالت میں
اہم ع مشکل تر۔ ضرور تر۔ بات ضروری کام
دراہم ع (جمع درہم) بہت سے درہم
فراہم ف جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ یکجا کرنا

فہم

مراہم ع (جمع مرہم) بہت سے مرہم
مساہم ع شریک۔ انباز۔ حصہ دار
واہم ع وہم کرنے والا۔ شک کرنیوالا
مبہم ع پوشیدہ۔ چھپا ہوا
گستہم ف نام پسر نوذر بن منوچہر۔ ایران کا ایک پہلوان
متہم ع تہمت والا جسکی بدنامی ہوئی ہو
دہم ف دسواں حصہ۔ دسواں۔ دس میں سے ایک۔
چہاردہم ف چودہواں عدد شمار میں
دوازدہم ف بارہواں۔ بارہ میں سے ایک
ادہم ع سیاہ۔ اسپ سیاہ۔ مار سیاہ
زنجیر آہنی۔ نام پدر ابراہیم بلخی کا جو ولی کامل تھے
ابراہیم ادہم ع ایک ولی کا نام جو پہلے بادشاہ بلخ کا تھا۔ پھر تارک ہوکر بدرجہ ولایت پہنچا۔ ادہم اسکے باپ کا نام تھا
درہم ع وزن ساڑھے تین ماشہ کا ایک سکہ کا نام
مرہم ف دوا جو زخم پر لگاتے ہیں
سہم ع تیر۔ حصہ۔ بخرہ۔ ف خوف۔ بیم۔ دہشت۔ ڈر۔
فہم ع سمجھنا۔ دانستگی۔ خیال میں لانا

فہم

سخن فہم ف سخن شناس۔ ٹھیک سمجھ والا۔ سخن فہم
نافہم ف بے وقوف۔ نادان۔ جاہل
بے سمجھ آدمی
تفہم ع سمجھ جانا۔ فہم کرنا
مدلہم ع سخت سیاہ و تاریک۔ نہایت کالی چیز
ملہم ع الہام کرنے والا۔ دل میں ڈالنے
والا۔ خبر دینے والا۔
مُہم ع امر عظیم۔ بھاری کام
(ماخوذ از ہم۔ غم)
وہم ع گمان۔ شک
توہم ع وہم میں ڈالنا کسی کو دو دلہ کرنا
متوہم ع وہم کرنے والا۔ وہم میں پڑنے
والا شخص۔
موہم ع وہم میں ڈالنے والا۔ شک
میں ڈالنے والا۔
ملتئم ع زخم اچھا ہوا ہوا۔ ملا ہوا۔ زخم
جس کو مرہم کی حاجت ہو۔
یم ع دریا۔ پانی کا بہاو۔ اچھا پانی کا
ارقم ع سفید۔ ایک قسم کا سفید سانپ
دائم ع ہمیشہ۔ مدام۔
جرائم ع (جمع جریمہ) گناہ۔ خطائیں۔ بہت گناہ

ایم

عزائم ع (جمع عزیمہ) افسونہا۔ دعائیں
جو جنوں کی حاضری شفائے بیماری کیلئے پڑھتے ہیں
نسائم ع (جمع نسیم) ہوا ہائے نرم۔ بو
ہائے خوش۔
دعائم ع (جمع دعامہ) پایہ ہائے تخت
ستونہائے عمارت۔
نعائم ع (جمع نعامہ) شتر مرغہا۔ قمر کی
بیسویں منزل۔
قائم ع ٹھیرا ہوا۔ قیام پکڑا ہوا۔ کھڑا ہوا
رقائم ع (جمع رقیمہ) خطہا۔ خطوط
لائم ع ملامت کرنیوالا۔ بُرا بولنے والا۔
ملائم ع نرم۔ جمع ہونے والا۔ موافق
مناسب۔ مطبوع۔ دلپسند
تمائم ع (جمع تمیمہ) تعویذات۔
حمائم ع (جمع حمام) کبوتران۔ قمریان
مرغان طوقدار۔
وذائم ع (جمع ذمیمہ) بدگوئیاں۔ بہت
سے بدگو آدمی
رمائم ع (جمع رمیمہ) بوسیدہ و کہنہ چیزیں
شمائم ع (جمع شمیمہ) خوشبوئیاں
عمائم ع (جمع عمامہ) دستارہا۔ پگڑیاں

ایم

غَمَائِم ع (جمع غمامہ) ابرہا۔ بہت سے بادل۔

نَائِم ع سویا ہوا آدمی۔ نیند یا خواب کی حالت میں۔ بیخبر۔

غَنَائِم ع (جمع غنم) بکریاں۔

قَوَائِم ع (جمع قائمہ) ستونہا۔ رکن ہا۔ آدمی کے پاؤں۔

لَوَائِم ع (جمع لائمہ) ملامت کرنے والے

ہَائِم ع سرگردان۔ شیفتہ۔ عاشق۔ پیاسا

بَہَائِم ع (جمع بہیمہ) چارپایہ ہا۔ بہت سے مویشی یا چارپائے

بِیْم ف خوف۔ ڈر۔ دہشت۔ رُعب۔

روزِ امید و بیم ف قیامت کا دن۔ امید اور خوف کا دن۔

تِیْم ف مسافرخانہ۔ کاروانسرائے۔ دنیا ع بندہ۔ غلام۔ خدمتگار۔

خَیَاتِیْم ع (مختوم) بہت سی مہر کی ہوئی چیزیں۔

مُتَیَّم ع مشتاق۔ دردمند۔ عاشق۔

یَتِیْم ع طفل پدر مردہ۔ لڑکا جس کا باپ مرگیا ہو

غیم

دُرِّ یَتِیْم ف بڑا موتی۔ ایک موتی جو سیپ میں ہو۔

اَثِیْم ع گنہگار۔ جو شخص خلاف حکم شرع کام کرے۔

تَلْثِیْم ع بوسہ دینا۔ چومنا۔

جِیْم ع الفبے کا ایک حرف

رَجِیْم ع سنگسار کیا گیا۔ راندہ۔ شیطان

تَحْجِیْم ع ٹڈے کا پاکھر

تَنْجِیْم ع ستارہ شناسی۔ نجومی

جَحِیْم ع سات دوزخ میں سے ایک

رَحِیْم ع مہربان۔ رحم والا۔ نرم دل۔ معافی دینے والا۔

فَخِیْم ع وہ شخص جسکے منہ یا گردن یا زنخدان میں کجی ہو۔

تَفْحِیْم ع سیاہ کرنا۔ اندھیرے میں سیر کرنا

خِیْم ع خودی۔ عادت۔ خو۔

خِیَم ع (جمع خیمہ) بہت سے خیمے

رَخِیْم ع مردم نرم آواز۔ ضعیف۔ مرد زاہد و متقی۔

تَرْخِیْم ع نرم کرنا۔ ڈالنا

ضَخِیْم ع فربہ۔ بزرگ جثہ۔ لمبا چوڑا جسم

خیم

تفخیم ع بزرگ ہونا۔ عزت دار ہونا صاحب آبرو ہونا۔
مخیم ع خیمہ کی جگہ۔ جس جگہ خیمہ کھڑا ہو
وخیم ع دشوار۔ گراں۔ بوجھل بھاری چیز
دیم ع ریح چہرہ۔ قسم چرم
ادیم ع پوست دباغت دیا ہوا پوست خوشبوسا ابتدائی
مخادیم ع جمع مخدوم، بہت سے صاحب، مالک
عدیم ع ناپید۔ کمیاب۔ جو چیز نہ مل سکے
قدیم ع پرانا۔ بڑا۔ نام خدا تعالے
ندیم ع مصاحب ہمنشیں۔ ہم صحبت بادشاہ کا مصاحب
ریم ف پیپ۔ بگڑا ہوا خون۔ سفید گند جو زخم سے نکلتا ہے۔
رجیم ع بیج سے کاٹا ہوا دنیا سے نکالا ہوا
حریم ع خانہ۔ گھر۔ چار دیواری رہنے کا مقام
غریم ع تاوان زدہ جس سے تاوان لیا جائے
کریم ع بزرگ۔ سخی۔ با مروت۔ نام خدا تعالے کا
تکریم ع عزت آبرو۔ بڑائی۔ فخر۔ رتبہ
مریم ع حضرت عیسیٰ کی والدہ

صیم

روزۂ مریم ف روزہ خاموشی چپ کرنے کا روزہ
صوم مریم ع تمام دن کسی سے کلام نہ کرنا دن بھر چپ رہنا جیسا حضرت عیسیٰ کی ماں بی بی مریم نے رکھا تھا
نخل مریم ع وہ درخت جس کے نیچے عیسیٰ پیدا ہوئے تھے۔
سیم ع جو پانی کشتی میں آتا ہے۔ اور ملاح نکال لیتے ہیں۔
بسیم ع تبسم کرنے والا۔ ہنسنے والا شخص
جسیم ع فربہ۔ جسم دار۔ جس چیز پر گوشت موٹا
قسیم ع بانٹنے والا۔ شریک۔ ہم حصہ۔ خوبرو
تقسیم ع قسمت کرنا۔ بانٹنا۔ حصہ حصہ کرنا
نسیم ع ہوائے نرم۔ بوئے خوش
باغ نسیم ع کشمیر میں ایک باغ کا نام
وسیم ع خوبصورت۔ جمیل۔ نشان کیا گیا۔ نام درخت
شیم ع جمع شیمہ، عادتیں خصلتیں
شیم ع مچھلی درم دار۔ مچھلی جسکی جلد پہ گول چھلکے ہوں
خیاشیم ع جمع خیشوم، پردہ ہائے بینی
نشیم ف نشیمن۔ آشیانہ۔ آرامگاہ۔ مسکن
خصیم ع دشمن۔ عدو۔ عداوت کرنیوالا

نیم

دُونیم ۔ اڑہائی ۔ دو اور آدہا
آقانیم ۔ (جمع اقنوم) بنیادیں۔
زنیم ۔ وہ شخص جو بدی میں نشانہ ہو جسکو ہر کوئی بدکہے۔
تسنیم ۔ بہشت کی ایک نہر کا نام
غنیم ۔ غارتگر ۔ دشمن ۔ لوٹیرا لوٹنے والا۔
قویم ۔ راست ۔ استوار ۔ درست بہتر ۔ اچھا۔
تقویم ۔ قیمت کرنا ۔ حساب یک سالہ راست کرنا ۔ سالانہ کتاب جسکا جنتری نام ہے
احسن تقویم ۔ بخوبی درست کرنا پیدایش انسان کی

ہیم

تلویم ۔ ملامت کرنا ۔ برا بولنا کسی کو کسی جرم پر
